عربی بول چال

حصہ اول

مؤلفہ

حافظ عبدالرحمن صاحب امرتسری

مؤلف کتاب الصرف کتاب النحو وغیرہ

ناشر

فرید اینڈ کو ۱۹۸ گلی گڑھیا

بازار مٹیا محل دہلی

ملنے کا پتہ

کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار دہلی

احادیثِ نبوی کا شاندار ذخیرہ
اردو زبان میں
ترجمان السُنّہ

"ترجمان السنہ" حدیث شریف کی ایک لاجواب کتاب ہے جس کے ذریعہ سے فرمودات نبوی کا نہایت اہم اور مستند و معتبر ذخیرہ نئے عنوانوں اور نئی ترتیب کے ساتھ ہماری زبان میں منتقل ہو رہا ہے۔ اس کتاب میں احادیث نبوی کے صاف و سلیس ترجمے کے ساتھ تمام متعلقہ مباحث کی دلپذیر تشریح و تفسیر بھی کی گئی ہے اور اس تشریح میں سلفِ صالح کی پیروی کے ساتھ جدید ذہنوں اور دماغوں کی بھی پوری پوری رعایت کی گئی ہے۔ "ترجمان السنہ" کی تالیف سے موجودہ زمانے کی ضرورتوں اور تقاضوں کے مطابق اسلامی لٹریچر میں ایک عظیم الشان اور زبردست اضافہ ہوا ہے

کتاب کی ترتیب اس طرح قائم کی گئی ہے:-

(۱) متن مع اعراب (۲) شستہ اور عام فہم ترجمہ (۳) ہر حدیث پر مختصر تشریحی نوٹ (۴) باب کے خاتمے پر مندرجہ حدیثوں کے متعلق ایک عام اور سیر حاصل بحث۔

جلد اوّل جس کے شروع میں ایک مبسوط اور محققانہ مقدمہ بھی ہے۔ اس میں ارشادات نبوی کی اہمیت، احادیث کے درجۂ استناد و اعتبار، تدوین حدیث کی تاریخ، حجیتہ حدیث اور دیگر اہم عنوانات پر تفصیلی کلام کیا گیا ہے اور بہت سے ائمہ حدیث اور فقہاء امت کے ضروری حالات بھی شامل کئے گئے ہیں۔ کتاب التوحید سے اصل کتاب شروع کی گئی ہے تقطیع ۲۲×۲۹/۸ صفحات ۵۹۲ قیمت دس روپے مجلد بارہ روپے۔

جلد دوم اس جلد میں کتاب الایمان والاسلام کی ۵۰۰ حدیثوں کا ذخیرہ ہے۔ صفحات ۵۱۲ قیمت نو روپے مجلد گیارہ روپے۔

جلد سوم اس میں کتاب الایمان کے بقیہ بابوں کے علاوہ پوری کتاب الانبیاء بھی آگئی ہے صفحات ۵۶۰ قیمت دس روپے آٹھ آنے مجلد بارہ روپے آٹھ آنے

مکتبۂ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی-۶

عربی بول چال

حصہ اوّل

جو عربی زبان روزمرہ سیکھنے کے لئے فائدہ مند ہے مع
ایک فرہنگ جسمیں بارہ سو (۱۲۰۰) لفظوں کا ترجمہ اردو انگریزی میں
درج ہے

مؤلفہ
حافظ عبد الرحمٰن صاحب امرتسری

ناشر
فرید اینڈ کو، اردو بازار، جامع مسجد، دہلی

ملنے کا پتہ:- کتب خانہ رشیدیہ جامع مسجد دہلی

قیمت حصہ اوّل ۔۔۔ (مطبوعہ الجمعیۃ پریس دہلی) قیمت حصہ دوم ۔۔۔

فہرست مضامین عربی بول چال حصہ اول

دیباچہ طبع اول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

دو سال گزرنے کو ہیں کہ میں نے ملک مصر، شام اور استنبول کا ایک طوفانی سفر کیا اور مصر کے دار الحکومت قاہرہ میں ایک سال سے زیادہ عرصے تک مقیم رہا۔ میرے اس سفر کا اصلی باعث صرف جامع ازہر کی یونیورسٹی تھی جو ایک وقت علوم عربیہ کی ترقیات میں بغداد اور قرطبہ کے ہم پلہ اور ہمارے زمانے میں تمام اسلامی دنیا کے اہلِ علم کا مرکز اور مختلف ممالک کے دس ہزار طالب علموں کا مجمع ہے۔

مجھے اس تھوڑی سی مدت میں جامع ازہر کے پروفیسروں سے مستفید ہونے مشاہیر ملک سے نیاز حاصل کرکے کتب نو تالیف کا مطالعہ اور اخبارات کے پڑھنے سے معلوم ہوا کہ علمی اختراعات اور یورپین قوموں کے تمدنی اختلاط اور معاشرت کے جدید لوازمات سے الفاظ جدیدہ کثرت کے ساتھ عربی زبان میں شامل ہوگئے ہیں اور اس قدیمی زبان میں ایک عظیم الشان تغیر ہوگیا ہے جس کا پتہ عربی لغت کی متداول کتابوں میں نہیں مل سکتا۔ علاوہ ازیں گفتگو کا طرزِ بیان بمقابلہ کتابی عبارت کے بہت کچھ متغیر ہوگیا ہے اگرچہ بیروت کے عیسائی عالموں اور انگلستان و فرانس کے عربی دانوں کی طرف سے ان دونوں مشکلوں کے رفع کرنے کی کوششیں لگاتار جاری ہیں۔ اور ایک حد تک اس میں کامیابی بھی ہو چکی ہے۔ لیکن مسلمانوں کی جانب سے کوئی مہتم بالشان سعی اس معاملہ میں اب تک نہیں۔

یہ رسالہ جو اسوقت پبلک کے روبرو پیش کیا جاتا ہے اسکا اصلی مدعا تو صرف عربی زبان کے محاورات سے اپنے ہندوستانی بھائیوں کو مطلع کرنا ہے اور اسی وجہ سے عربی کے مقابل میں اردو ترجمہ دیا گیا ہے مگر تا حد امکان اس بات کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ محاورات کے ضمن میں الفاظ جدیدہ استعمال کئے جائیں جو اس رسالہ کا دوسرا ضروری مقصد ہے کہ اس سے عام زبان دانی کے علاوہ خاص فائدہ یہ ہوگا کہ جو لوگ مصر، شام، استنبول اور دیگر بلاد اسلامی

کی خبریں عربی اخبارات کے ذریعہ معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ ان کو سہولت ہو اس غرض سے مصر کے نامور اخبار المؤید اور بیروت کے مشہور اخبار ثمرات الفنون سے دو مستقل بابوں میں انتخاب دیا گیا ہے خاتمہ میں الفاظ جدیدہ کی ایک فرہنگ اس ترتیب سے لکھی گئی ہے کہ بیشتر لفظ جو روزمرہ استعمال میں آتے ہیں خواہ وہ اس رسالہ میں مستعمل ہوئے ہیں یا نہیں ان کا علم حاصل ہو۔ امید ہے کہ اس رسالہ سے میرے معزز و محترم دوست اور اسکندریہ کی عدالت عالیہ کے جج حضرت محمود بک سالم مصری کی وہ خواہش کسی قدر پوری ہوسکے گی جو ان کے دل میں اردو زبان سیکھنے سے مصر اور ہندوستان کے مسلمانوں میں باہمی ارتباط پیدا کرنے کے متعلق ہے یہی خواہان قوم سے یقین ہے کہ وہ بھی ان رسائل کی توسیع میں سعی کر کے موجودہ عربی زبان کی اشاعت سے مسلمانوں پر احسان کرینگے۔

(عبدالرحمن امرتسری)

۷۸۶

قدیم اور جدید عربی زبان

عربی زبان جو اس وقت مصر، شام، حجاز، عراق اور دیگر ممالکِ اسلامیہ میں بولی جاتی ہے اس میں اور قدیم عربی میں کئی قسم کے تغیرات واقع ہو گئے ہیں۔ الفاظ جدیدہ کے داخل ہونے سے جو انقلاب ہوا ہے وہ اپنے اپنے موقعہ پر اس رسالہ میں درج ہے۔ لیکن مختلف ممالک کے باشندوں پر مقامی آب وہوا کے اثر سے جو تفاوت ان کے لب ولہجہ میں ہوتا ہے۔ اس کے لحاظ سے عربی حروف تہجی کے تلفظ میں کئی قسم کا تغیر ہو گیا ہے چنانچہ مصر میں (ث۔ ج۔ ذ۔ ق) جس طرح بولے جاتے ہیں امثلۂ ذیل پر غور کرنے سے ان کی کیفیت بخوبی ذہن نشین ہو سکے گی۔

(۱) ث کا تلفظ (ت) سے جیسے کثیرٌ۔ کتیرٌ (بہت) (۲) ج کا تلفظ گ سے جیسے جمیلٌ۔ گمیل (خوبصورت) (۳) ذ کا تلفظ د سے جیسے ذَقنٌ۔ دقنٌ (ٹھوڑی) (۴) ق کا تلفظ الف سے جیسے قُلّۃٌ۔ اُلّۃٌ (صراحی)

حجازی اور عراقی لوگ ق کا تلفظ ک سے کرتے ہیں اور قلم کی جگہ کلم بولتے ہیں چنانچہ جو بزرگ بیت اللہ اور بغداد سے ہو آئے ہیں اس قسم کے بعض تغیرات ان کے گوش زد ہوئے ہونگے عراق کے باشندے کٗ کا تلفظ ج سے کرتے ہیں اور باکر (کل) کو باجر کہتے ہیں مگر یہ تغیر صرف تلفظ میں ہوتا ہے اور کتابت حروف اپنی اصلی حالت پر قائم رہتی ہے۔

تغیر مخارج کے علاوہ متعدد لفظوں کی حرکات بدلنے اور تدریجی تصرفات ہونے سے کلمات کی کچھ ایسی کایا پلٹ گئی ہے کہ عرب کی اصلی زبان اور زبان حال میں فرق بین معلوم ہوتا ہے، دیکھو الفاظ مفصلہ ذیل مصریوں کے استعمال میں کیا سے کیا ہو گئے ہیں +

عربی قدیم	عربی جدید	معنی	عربی قدیم	عربی جدید	معنی
مَنْ	مین	کون	اِلیٰ اَیْنَ	فین	کدھر
مَتیٰ	امتِ	کب	ما علیہ شیٔ	ما علیش	لائق درگزر ہے
نَحْنُ	احنا	ہم	ما اسمُکَ	اسمک ایہ	تمہارا کیا نام ہے؟
نِصفُ	نُصْ	آدھا	الیس کذٰلک	مُش کذا	کیا ایسا نہیں ہے؟

یأکُلُ	بَیأکُلُ	وہ کھا رہا ہے	جیئ بالماء	کبب مویہ	پانی لاؤ

یہ تغیرات تلفظ اور کتابت دونوں میں پائے جاتے ہیں ان ہی تغیرات کی وجہ سے عرب کے لوگ اصلی زبان کو لغت فصیحہ اور موجودہ زبان کو دارجہ کہتے ہیں۔ نجد کے بعض قبیلوں کے سوا تمام عربی دنیا کے باشندے اسی درجہ میں بات چیت کرتے ہیں اور یہ درجہ مختلف ممالک میں اسقدر متفاوت ہے کہ مصر کے باشندے مغاربہ کی زبان اور شام کے رہنے والے سوڈانیوں کی زبان بمشکل سمجھ سکتے ہیں لغت فصیحہ کو جو قیام اور ثبات روئے زمین پر ہے وہ صرف قرآن کریم کے باعث ہے اور خدا کے فضل سے قیامت تک رہیگا۔ اور یہی زبان کل اسلامی ممالک کے باہمی ارتباط کا باعث مانی گئی ہے ان وجوہات سے رسالہ ہذا میں الفاظ جدید کا استعمال تا امکان لغت فصیحہ کے مطابق کیا گیا ہے۔ (مؤلف)

عربی بول چال حصہ اول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سبق نمبر ۱

مبتدا و خبر

لغات: اللہُ تعالیٰ (خدا) مُحَمَّدٌ (نام پیغمبر) سلطانٌ (بادشاہ) اَمِیرٌ (حاکم) بَیْتٌ (گھر) سَقْفٌ (چھت) قَمِیصٌ (کرتہ) مِنْدِیْلٌ (رومال) وَاحِدٌ (ایک) صادق (سچا) عادلٌ (منصف) سَخِیٌّ (سخی) واسِعٌ (فراخ) مرتفعٌ (اونچا) طَوِیلٌ (لمبا) لَطِیفٌ (ستھرا)

اللہُ وَاحِدٌ +	خدا ایک ہے +	مُحَمَّدٌ صَادِقٌ +	محمدؐ سچا ہے +
السُّلطانُ عَادِلٌ +	بادشاہ منصف ہے +	الاَمِیرُ سَخِیٌّ +	حاکم سخی ہے +
اَلْبَیْتُ وَاسِعٌ +	گھر فراخ ہے +	السَّقْفُ مُرْتَفِعٌ +	چھت اونچی ہے +
القمیص طَوِیلٌ +	کرتا لمبا ہے +	اَلْمِنْدِیْلُ نَظِیفٌ	رومال ستھرا ہے +

ضروری ہدایتیں

(۱) مبتدا عموماً معرفہ ہوتا ہے اور خبر نکرہ (۲) مبتدا اکثر پہلے آتا ہے اور خبر پیچھے۔ (۳) مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں۔ (۴) عربی میں مبتدا اور خبر سے جملہ بن جاتا ہے مگر اردو میں دونوں کے علاوہ کلمات ربط (ہے، ہیں، ہوں) میں سے کسی ایک کا لانا ضروری ہے۔ (مؤلف)

سبق نمبر (۲)

مذکر و مؤنث

لغات: رَجُلٌ (مرد) اِمْرَأَةٌ (عورت) اَبٌ (باپ) اُمٌّ (ماں) ابن (بیٹا) بنت (بیٹی) اَخٌ (بھائی) اُخْتٌ (بہن) جَمَلٌ (اونٹ) نَاقَةٌ (اونٹنی) طربوشٌ (ترکی ٹوپی)

عَمَامَۃٌ (پگڑی) دَارٌ (گھر) بَلَدٌ (شہر) غَنِیٌّ (دولت مند) طَیِّبَۃٌ (پاکیزہ) +

صیغہ ہائے مؤنث	صیغہ ہائے مذکر
اَلْمَرْأَۃُ عَادِلَۃٌ۔ عورت منصف ہے +	اَلرَّجُلُ عَادِلٌ۔ مرد منصف ہے +
اَلْاُمُّ صَادِقَۃٌ۔ ماں سچی ہے +	اَلْاَبُ صَادِقٌ۔ باپ سچا ہے +
اَلْبِنْتُ سَخِیَّۃٌ۔ بیٹی سخی ہے +	اَلْاِبْنُ سَخِیٌّ۔ بیٹا سخی ہے +
اَلْاُخْتُ غَنِیَّۃٌ۔ بہن دولتمند ہے +	اَلْاَخُ غَنِیٌّ۔ بھائی دولتمند ہے +
اَلنَّاقَۃُ طَوِیْلَۃٌ۔ اونٹنی لمبی ہے +	اَلْجَمَلُ طَوِیْلٌ۔ اونٹ لمبا ہے +
اَلْعَمَامَۃُ نَظِیْفَۃٌ۔ پگڑی ستھری ہے +	اَلطَّرْبُوْشُ نَظِیْفٌ۔ ٹوپی ستھری ہے +
اَلدَّارُ مُرْتَفِعَۃٌ۔ گھر اونچا ہے +	اَلْبَلَدُ طَیِّبٌ۔ شہر پاکیزہ ہے +

ضروری ہدایتیں

(۱) مبتدا اور خبر، تذکیر و تانیث میں یکساں ہوتے ہیں (۲) اسم مذکر کے آخر ۃ لگانے سے عموماً اسم مونث بنجاتا ہے عَادِلٌ سے عادلۃٌ اس ۃ کو تائے تانیث کہتے ہیں اور اس طرح لکھتے ہیں ۃ (۳) کبھی اسم مذکر کے مقابلہ میں ایک خاص اسم مونث ہوتا ہے جس میں کوئی علامت تانیث لفظوں میں نہیں ہوتی جیسے اَبٌ کا مونث اُمٌّ ہے (۴) کبھی اسم مونث کے مقابلہ میں اسم مذکر نہیں ہوتا نہ اس میں کوئی علامت تانیث ہوتی ہے جیسے دارٌ ایسے اسم کو مونث سماعی کہتے ہیں۔ (مؤلف)

سبق نمبر ۳

ضمیریں

	جمع	تثنیہ	واحد
غائب	هُمْ (وہ بہت سے مرد)	هُمَا (وہ دو مرد)	(مذکر) هُوَ (وہ ایک مرد)
	هُنَّ (وہ بہت سی عورتیں)	هُمَا (وہ دو عورتیں)	(مونث) هِیَ (وہ ایک عورت)
حاضر	اَنْتُمْ (تم بہت سے مرد)	اَنْتُمَا (تم دو مرد)	(مذکر) اَنْتَ (تو ایک مرد)

(مونث) اَنْتِ تو ایک عورت اَنْتُمَا (تم دو عورتیں) اَنْتُنَّ (تم بہت سی عورتیں)

(مذکر و مونث مشترک) اَنَا (میں ایک مرد یا ایک عورت) نَحْنُ (ہم دو مرد یا دو عورتیں)

ہم بہت سے مرد یا بہت سی عورتیں)۔

صیغہ ہائے مذکر

(واحد) هُوَ صَادِقٌ وہ سچا ہے۔

(تثنیہ) هُمَا صَادِقَانِ وہ (دو مرد) سچے ہیں۔

(جمع) هُمْ صَادِقُوْنَ وہ (سب مرد) سچے ہیں۔

(واحد) اَنْتَ غَنِیٌّ تو (ایک مرد) دولتمند ہے۔

(تثنیہ) اَنْتُمَا غَنِیَّانِ تم (دو مرد) " ہو۔

(جمع) اَنْتُمْ غَنِیُّوْنَ تم (سب مرد) " "

(متکلم) اَنَا اَمِیْرٌ میں (ایک مرد یا عورت) حاکم ہوں۔

صیغہ ہائے مؤنث

(واحد) هِیَ صَادِقَةٌ وہ سچی ہے۔

(تثنیہ) هُمَا صَادِقَتَانِ وہ (دو عورتیں) سچی ہیں۔

(جمع) هُنَّ صَادِقَاتٌ وہ (سب عورتیں) سچی ہیں۔

(واحد) اَنْتِ غَنِیَّةٌ تو (ایک عورت) دولتمند ہے۔

(تثنیہ) اَنْتُمَا غَنِیَّتَانِ تم (دو عورتیں) " ہو۔

(جمع) اَنْتُنَّ غَنِیَّاتٌ تم (سب عورتیں) " "

(متکلم) نَحْنُ اُمَرَاءُ (دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں حاکم ہیں۔

ضروری ہدایتیں

(۱) عربی میں ہر ضمیر کے واسطے واحد، تثنیہ اور جمع تین صیغے آتے ہیں مگر اردو میں صرف واحد اور جمع کے صیغے مستعمل ہیں (۲) عربی میں مذکر و مونث کی ضمیریں الگ الگ ہیں مگر اردو میں ایسا نہیں (۳) واحد کے آخر میں الف ماقبل مفتوح اور نون مکسورہ زیادہ کرنے سے تثنیہ بنجاتا ہے جیسے صادق سے صادقان (۴) واحد مذکر کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم اور نون مفتوح بڑھانے سے جمع مذکر بن جاتی ہے جیسے صَادِقٌ سے صَادِقُوْنَ تثنیہ کا نون ہمیشہ مکسور اور جمع کا نون مفتوح ہوتا ہے (۵) واحد مونث کے آخر میں الف، ت بڑھانے سے جمع مونث کا صیغہ بنجاتا ہے جیسے صادقۃٌ سے صادقاتٌ یاد رہے کہ جمع مونث بنانے کے وقت واحد کی تائے تانیث (ۃ) گرا دی جاتی ہے تاکہ ایک قسم کی دو علامتیں یک جا جمع نہ ہوں۔ (مولف)

سبق نمبر (۴)

ضمیروں کی مشق

لغات: عَادِلٌ (منصف) غَنِیَّةٌ (دولت مند) بَخِیْلٌ (کنجوس) وَسِخٌ (میلا) قَصِیْرٌ (چھوٹا) سَاکِتٌ (چپ) مُتَکَلِّمٌ (گویا) قَاعِدٌ (بیٹھا ہوا) لَاعِبٌ (کھیلنے

والا) مُقِیْمٌ (رہنے والا) مسافِرٌ (سفر کرنیوالا) فَقِیْرٌ (نادار) منعِمٌ (مالدار) مفلِسٌ (کنگال) +

هُوَ عادِلٌ وَ انتِ غنیّۃٌ۔	وہ منصف اور تو دولت مند ہے۔
اَنتَ سَخِیٌّ وَهِیَ بخیلۃٌ۔	تو سخی اور وہ بخیل ہے۔
اَنا لطیفۃٌ وهُما وَسِخانِ۔	میں صاف ہوں اور وہ دونوں میلے ہیں۔
اَنا قصیرٌ وهُما طویلتانِ۔	میں چھوٹا ہوں اور وہ دونوں لمبے ہیں۔
اَنتُما ساکِتانِ ونحنُ متکلّمانِ۔	تم دونوں خاموش ہو اور ہم گویا ہیں۔
هُم قاعِدُونَ وانتم لاعِبُونَ۔	وہ بیٹھے ہیں اور تم کھیل رہے ہو۔
هُنَّ قاعِداتٌ وَانتنَّ لاعِباتٌ۔	وہ بیٹھی ہیں اور تم کھیل رہی ہو۔
اَنا مُقیمٌ وانتَ مُسافِرٌ۔	میں رہنے والا ہوں اور تو مسافر ہے۔
هُم اَغنیاءُ وانتم فُقَراءُ۔	وہ دولت مند ہیں اور تم نادار ہو۔
هُما رَجُلانِ وانتُما اِمرَاَتانِ۔	وہ دونوں مرد ہیں اور تم دونوں عورتیں ہو۔
نحنُ مُنعِمُونَ وَانتم مُفلِسُونَ۔	ہم مالدار ہیں اور تم کنگال ہو (مرد کے واسطے)۔
نحنُ مُنعِماتٌ وَانتنَّ مُفلِساتٌ۔	ہم مالدار ہیں تم کنگال ہو (عورت کیواسطے)۔
انتُما اُختانِ وَنحنُ اَخوانِ۔	تم دونوں بہنیں ہو اور ہم دونوں بھائی ہیں۔

سبق نمبر (۵)

فعل ماضی

لغات: ذَهَبَ (وہ گیا) دَخَلَ (وہ آیا) اَکَلَ (اس نے کھایا) شَرِبَ (اس نے پیا) قَتَلَ (اس نے مار ڈالا) جَرَحَ (اس نے زخم لگایا) فَقَدَ (اُس نے کھویا) نِسَاءٌ (عورتیں) مَسْجِدٌ (مسلمانوں کی عبادت گاہ) کَلِیْسَۃٌ (گرجا۔ عیسائیوں کی عبادت گاہ) طَعَامٌ (کھانا) مَاءٌ (پانی) هل (کیا حرف استفہام) اَوضۃٌ (کمرہ) +

ذَهَبَ رَجُلٌ (ایک) مرد گیا۔	ذَهَبَتْ اِمرَاۃٌ (ایک) عورت گئی۔
ذَهَبَ رَجُلانِ (دو) مرد گئے۔	ذَهَبَتْ اِمرَاَتانِ (دو) عورتیں گئیں۔
ذَهَبَ رِجالٌ (سب) مرد گئے	ذَهَبَتْ نِسَاءٌ (سب) عورتیں گئیں۔

هَلْ دَخَلْتَ الْبَيْتَ (کیا تو گھر گیا تھا)
هَلْ دَخَلْتِ الدَّارَ (کیا تو گھر گئی تھی)
هَلْ دَخَلْتُمَا الْمَسْجِدَ (کیا تم دونوں مسجد میں گئے تھے)
هَلْ دَخَلْتُمَا الْبُسْتَانَ (کیا تم دونوں باغ میں گئی تھیں۔
هَلْ دَخَلْتُمُ الْكَنِيْسَةَ (کیا تم گرجا میں گئے تھے)
هَلْ دَخَلْتُنَّ الْاَوْضَةَ (کیا تم کمرہ میں گئی تھیں)

اَكَلْتُ الطَّعَامَ مَسَاءً ۔	میں نے شام کو کھانا کھایا ۔
شَرِبْنَا الْمَاءَ صَبَاحًا ۔	ہم نے صبح پانی پیا ۔

ماضی مجہول

قُتِلَ الرَّجُلُ ۔ مرد مار ڈالا گیا ۔	قُتِلَتِ الْمَرْاَةُ ۔ عورت مار ڈالی گئی ۔
جُرِحَ الْجَمَلُ ۔ اونٹ زخمی ہو گیا ۔	جُرِحَتِ النَّاقَةُ ۔ اونٹنی زخمی ہو گئی ۔
فُقِدَ الْمِنْدِيْلُ ۔ رومال کھویا گیا	فُقِدَتِ الْمَنَادِيْلُ ۔ رومال کھوئے گئے ۔
فُتِحَ الْبَلَدُ ۔ شہر فتح ہوا ۔	فُتِحَتِ الْبِلَادُ ۔ شہر فتح ہوئے ۔

ضروری ہدایتیں

(۱) عربی میں فاعل فعل کے بعد آتا ہے اس صورت میں فاعل خواہ واحد ہو یا تثنیہ یا جمع فعل ہمیشہ مذکر کے لئے واحد مذکر اور مونث کے لئے واحد مؤنث آتا ہے (۲) حرف استفہام ہمیشہ شروع کلام میں آتا ہے (۳) فعل مجہول میں مفعول بہ قائم مقام فاعل کے ہوتا ہے اور اس کو مفعول مالم یسم فاعلہ کہتے ہیں +

سبق نمبر (۶)

فعل ماضی کی مشق

معانی الفاظ: ضَرَبَ (اس نے مارا) لَبِسَ (اس نے پہنا) قَعَدَ (وہ بیٹھا) رَجَعَ (وہ واپس آیا) سَرَقَ (اس نے چرایا) خَرَجَ (وہ نکلا) خُبْزٌ (روٹی) مُبَكِّرًا (سویرے) مُسْرِعًا (جلدی) خَادِمٌ (نوکر) سَيْفٌ (تلوار)

جملے معروف:

ضَرَبَ زَيْدٌ خَالِدًا	زید نے خالد کو مارا ۔
اَكَلَ بَكْرٌ خُبْزًا ۔	بکر نے روٹی کھائی ۔
شَرِبَ خَالِدٌ مَاءً ۔	خالد نے پانی پیا ۔

لَبِسَ حَسَنٌ طَرْبُوشاً۔ — حسن نے ترکی ٹوپی پہنی۔
اَلْاَخُ قَعَدَ (بھائی بیٹھا)۔ — اَلْاُخْتُ قَعَدَتْ۔ (بہن بیٹھی)
اَلْاِخْوَةُ قَعَدُوْا۔ سب بھائی بیٹھے۔ — اَلْاَخَوَاتُ قَعَدْنَ۔ سب بہنیں بیٹھیں۔
اَلسُّلْطَانُ وَ الْاَمِيْرُ دَخَلَا الْبَلَدَ۔ — بادشاہ اور حاکم (دونوں) شہر میں داخل ہوئے۔
اَلْاُمُّ وَالْبِنْتُ خَرَجَتَا مِنَ الْبُسْتَانِ۔ — ماں اور بیٹی باغ سے باہر آئیں۔
هُمْ خَرَجُوْا مُبَكِّرِيْنَ۔ — وہ بڑی فجر سے نکلے۔
هُنَّ رَجَعْنَ مُسْرِعَاتٍ۔ — وہ جلدی واپس آئیں۔

فعل مجہول
قُتِلَ زَيْدٌ فِي الْاَوْضَةِ۔ — زید کمرے میں مارڈالا گیا۔
سُرِقَ مَالُهٗ فِي الْكَنِيْسَةِ۔ — اس کا مال گرجے میں چوری ہوگیا۔
فُقِدَتِ الْمَنَادِيْلُ مِنَ الْخَادِمِ۔ — رومال نوکر سے کھوئے گئے۔
فُتِحَتِ الْبِلَادُ بِالسَّيْفِ۔ — شہر تلوار سے فتح ہوئے۔

تنبیہ:۔ جب فاعل فعل سے مقدم ہو تو اس حالت میں فعل وحدت، تثنیہ، جمعیت اور تذکیر و تانیث میں فاعل کے مطابق ہوا کرتا ہے +

سبق نمبر (۷)

فعل مضارع

الفاظ

سَمِعَ (اس نے سنا)، غَسَلَ (اس نے دھویا)، غَدًا (کل آئندہ)، سُوْقٌ (بازار)، سِجْنٌ (قید خانہ)، حَرْبٌ (جنگ)، بَائِتٌ (باسی)، رُمَّانٌ (انار)، تُفَّاحٌ (سیب)، لَبَنٌ (دودھ)، لِمَ (کیوں) حرف استفہام، جُنْدِيٌّ (سپاہی)، قَضِيَّةٌ (مقدمہ)، طَلَبٌ (درخواست)، حُبِسَ (بند کیا گیا)، اُرْسِلَ (بھیجا گیا)، رُفِضَ (نامنظور کیا گیا)، رُفِعَ (پیش کیا گیا)۔

مضارع معروف

هُوَ يَسْمَعُ الْكَلَامَ۔ — وہ بات سنتا ہے۔
هُمَا يَاْكُلَانِ التُّفَّاحَ۔ — وہ (دونوں) سیب کھاتے ہیں۔
هُمْ يَشْرَبُوْنَ الْمَاءَ۔ — وہ سب پانی پیتے ہیں۔
هِيَ تَرْجِعُ غَدًا۔ — وہ کل واپس آئے گی۔

مضارع معروف

هُمَا ترجعانِ مِنَ السُّوقِ ۔	وہ دونوں بازار سے واپس آتی ہیں +
هُنَّ يَرجِعْنَ مِنَ الدَّارِ ۔	وہ (سب) گھر سے واپس آتی ہیں +
هَلْ تَذْهَبُ مَعِيَ ۔	کیا تم میرے ساتھ چلوگے +
هَلْ تَسْمَعَانِ كَلَامَهُمْ ۔	کیا تم (دونو) ان کا کلام سنوگے ؟
هَلْ تَاكُلُونَ طَعَامًا بَائِتًا ۔	کیا تم (سب) باسی کھانا کھاؤگے ؟
لِمَ لَا تَذْهَبِينَ اِلَى الْمَسْجِدِ ۔	تو مسجد کیوں نہیں جاتی ؟
لِمَ لَا تَغسِلَانِ المناديلَ ؟	تم (دونوں) رومال کیوں نہیں دھوتی ہو ؟
لِمَ لَا تَلْبَسْنَ الْقَمِيصَ ؟	تم (سب) قمیص کیوں نہیں پہنتی ہو ؟
اَنَا آكُلُ الرُّمَّانَ	میں انار کھاتی ہوں +
نَحْنُ نَشْرَبُ اللَّبَنَ +	ہم دودھ پیتے ہیں +

مضارع مجہول

يُحْبَسُ السَّارِقُ فِي السِّجْنِ +	چور قیدخانہ میں بند کیا جاتا ہے ۔
يُرْسَلُ الْجُنْدِيُّ اِلَى الْحَرْبِ ؛	سپاہی لڑائی کو بھیجا جاتا ہے ۔
تُرْفَعُ الْقَضِيَّةُ اِلَى الْاَمِيرِ +	مقدمہ حاکم کیطرف پیش کیا جاتا ہے ۔
تُرْفَضُ طَلَبَاتُ الرِّجَالِ +	لوگوں کی درخواستیں نامنظور کیجاتی ہیں ۔

سبق نمبر (۸)

ماضی ومضارع منفی

مفردات

وَجَدَ (اس نے پایا) اَشْرَكَ (اس نے شریک بنایا) نَامَ (وہ سویا)
سُنَّةٌ (قانون) اَحَدٌ (کوئی ایک) اَبَدًا (کبھی) قَطُّ (ہرگز) +

مَا ذَهَبْنَا عِنْدَهُ ۔ ہم اسکے پاس نہیں گئے ۔	مَا سُرِقَ مَالُنَا ۔ ہمارا مال چوری نہیں ہوا
مَا اَكَلْتُ الطَّعَامَ ۔ میں نے کھانا نہیں کھایا ۔	مَا رُفِعَتْ قَضِيَّتُكُمْ ۔ تمہارا مقدمہ پیش نہیں ہوا
لَمْ نَذْهَبْ اِلَى بَيْتِكَ ۔ ہم تمہارے گھر نہیں گئے ۔	لَمْ يُسْرَقْ كِتَابِي ۔ میری کتاب چوری نہیں گئی
لَمْ آكُلْ شَيْئًا ۔ میں نے کچھ نہیں کھایا ۔	لَمْ تُرْفَعْ قَضِيَّتُهُ ۔ اسکا مقدمہ پیش نہیں ہوا
هُوَ لَا يَخْرُجُ غَدًا ۔	وہ کل نہیں نکلیگا ۔
اَنَا لَا اَرْجِعُ الْيَوْمَ ۔	میں آج واپس نہیں آؤنگا ۔

اَنْتَ لَا تَنَامُ مُبَكِّرًا ۔	تم جلدی نہیں سوتے ہو +
نَحْنُ لَا نَضْرِبُهٗ اَبَدًا ۔	ہم اسے کبھی نہیں مارینگے +
لَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا +	تم خدا کے قانون میں کبھی کوئی تبدیلی نہ پاؤگے +
لَنْ نُشْرِكَ بِاللّٰهِ اَحَدًا +	ہم خدا کے ساتھ کبھی کسی کو شریک نہیں کرینگے +
هُمْ لَنْ يَخْرُجُوا مِنَ الْمَدِيْنَةِ +	وہ کبھی شہر سے باہر نہیں نکلینگے +
هِيَ لَنْ تَشْرَبَ مَاءً قَطُّ +	وہ ہرگز پانی نہ پئے گی +

ضروری ہدایتیں :۔ (۱) فعل مثبت کو منفی بنانیکے واسطے مَا و لَا دو لفظ مقرر ہیں، ان میں سے مَا ماضی کے شروع میں اور لا مضارع کے شروع میں آتا ہے (۲) مضارع کے پہلے جب لَمْ آئے تو اسکو ماضی منفی بنا دیتا ہے۔ (۳) مضارع کے پہلے جب لَنْ آئے تو اس سے مستقبل منفی مؤکد کے معنی حاصل ہوتے ہیں (۴) ما و لا لفظوں میں کچھ عمل نہیں کرتے مگر لَمْ آخر مضارع کو جزم اور لن آخر مضارع کو نصب دیتا ہے +

سبق نمبر (۹)

ضمیر منصوب

کلمات : تَرَكَ (اس نے چھوڑا)، عَرَفَ (اس نے پہچانا)، رَاٰى (اس نے دیکھا) لَحِقَ (وہ ملا)، اَخْبَرَ (اس نے خبر دی)، اَرْجَعَ (وہ واپس لایا)، قَابَلَ (اس نے ملاقات کی)، قَالَ (اس نے کہا)، اَعْطٰى (اس نے دیا)، نَصَحَ (اسنے نصیحت کی)، عَبَدَ (اس نے پرستش کی)، وَحْدًا (تنہا)، حُمْرُكٌ (جنگی خانہ) دیوان (کچہری)، مَحَطَّةٌ (ریلوے اسٹیشن)

تَرَكْتُهٗ وَحْدًا +	میں نے اسکو تنہا چھوڑا +
نَعْرِفُهٗ مِنْ زَمَانٍ +	ہم اسے مدت سے جانتے ہیں +
وَجَدْتُهُمَا فِي الْحُمْرُكِ +	میں نے انھیں جنگی خانہ میں دیکھا +
لَحِقَهُنَّ اَذًى +	انہیں تکلیف ہوئی +
مَنْ اَخْبَرَكَ +	تجھے کس نے خبر دی +
بِاللّٰهِ عَلَيْكِ يَا اُخْتِيْ +	بہن! تجھے خدا کی قسم +

اَللّٰهُ يُرْجِعُكُمَا بِخَيْرٍ +	خدا تمہیں بخیریت واپس لائے +
اَنَا اُقَابِلُكُمْ غَدًا فِي الدِّيْوَانِ +	میں تم سے کل کچہری میں ملونگا +
مَاذَا قُلْتُ لَكُنَّ اَمْسِ +	میں نے کل تم سے کیا کہا تھا ؟
اَعْطَانِي تُفَّاحًا +	اُس نے مجھے سیب دیا +
قَابَلُوْنَا عِنْدَ الْمَحَطَّةِ +	وہ ہم سے ریلوے سٹیشن پر ملے تھے +

ضمائر منصوب منفصل

مَا اُعْطِيْكَ اِيَّاهُ +	میں تمہیں وہ نہ دونگا +
مَا نَصَحْتُ اِيَّاهَا +	میں نے اس عورت کو نصیحت نہیں کی +
اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ +	اے خدا ہم تیری ہی پرستش کرتے ہیں +
اَرْجَعَهُ وَاِيَّانَا +	وہ اسکو اور ہم کو واپس لے آیا +

تنبیہ :- ضمیر منصوب عربی میں ہمیشہ فعل کے بعد آتی ہے اور اردو میں فعل سے پہلے +

سبق نمبر (۱۰)

ضمیر مجرور

لغات: اِحْتَرَقَ (جلا) اِنْهَدَمَ (مکان گرا) غَلَبَ (وہ غالب آیا) اَقَامَ (وہ ٹھیرا) قَدِمَ (وہ آیا) رَدَّ (اس نے پھیر دیا) بَيْنَ (درمیان) شُغْلٌ (کام) رَدِيٌّ (خراب) خِمَارٌ (اوڑھنی) غُرْفَةٌ (بالاخانہ) بِضَاعَةٌ (سرمایہ) شَمْسِيَّةٌ (چھتری) دَيْنٌ (قرضہ) عَلٰى (اوپر) +

ضمیر مجرور متصل باسم

اِحْتَرَقَ ثَوْبُهُ +	اس مرد کا کپڑا جل گیا +
اِنْهَدَمَ بَيْتُهَا +	اس (عورت) کا گھر گر گیا +
غُلِبَ اَخُوْهُمَا +	ان کا بھائی مغلوب ہوگیا +
اَقَمْتُ بَيْنَهُمْ شَهْرًا +	میں ان میں ایک مہینہ ٹھیرا رہا +
رَاَيْتُ حَدِيْقَتَهُنَّ +	میں نے ان کا باغ دیکھا +
شُغْلُكَ جَيِّدٌ +	تمہارا کام عمدہ ہے +

خمارُكِ رَدِیٌ +	تمہاری اوڑھنی خراب ہے +
اَیْنَ بَیْتُکُمَا فِی الْبَلَدِ +	شہر میں تمہارا گھر کہاں ہے +
اللّٰهُ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ +	اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے جہاں تم رہو +
دَخَلْتُ غُرْفَتَکُنَّ +	میں تمہارے بالاخانے میں گیا تھا +
قَدِمْتُ مِنْ سَفَرِی +	میں اپنے سفر سے واپس آیا +
بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ +	ہمارا سرمایہ پھیر دیا گیا +

ضمیر مجرور متصل

مَا هُوَ لَکَ ۔ وہ تیرا نہیں ہے +	مَا هُوَ لَکُمْ ۔ وہ تمہارا نہیں ہے +
عِنْدَهٗ شَمْسِیَّةٌ ۔ اسکے پاس چھتری ہے +	عِنْدَهُمْ قَمِیْصٌ ۔ انکے پاس کرتہ ہے +
عَلَیَّ دَیْنٌ ۔ مجھ پر قرض ہے +	عَلَیْنَا ثِیَابٌ ۔ ہم کپڑے پہنے ہوئے ہیں +

تنبیہ :- ضمیر منصوب اور مجرور شکل میں یکساں ہوتے ہیں ۔ فرق صرف اسقدر ہے کہ ضمیر منصوب کا استعمال ہمیشہ فعل کے ساتھ ہوتا ہے ۔ اور ضمیر مجرور کا استعمال کبھی اسم اور حرف کے ساتھ ہوتا ہے +

سبق نمبر (۱۱)

امر

لغات: صَعِدَ (اوپر چڑھا) نَزَلَ (نیچے اترا) مَسَحَ (اس نے پوچھا) هَاتِ (وہ لایا) وَقَفَ (وہ ٹھیرا) اَحْضَرَ (وہ لایا) رَفَعَ (اس نے اٹھایا) قَسَمَ (اس نے بانٹا) اَرٰی (اس نے دکھایا) صُوْرَةٌ (تصویر) یَدٌ (ہاتھ) رِجْلٌ (پاؤں)

امر حاضر

اُدْخُلْ ۔ اندر آ ۔ اندر جا +	اُخْرُجْ ۔ باہر آ ۔ باہر جا +
اِصْعَدْ ۔ اوپر آ ۔ اوپر جا +	اِنْزِلْ ۔ نیچے آ ۔ نیچے جا +
اِغْسِلْ یَدَهٗ ۔ اس کا ہاتھ دھو +	اِمْسَحْ رِجْلَکَ ۔ اپنا پاؤں پوچھو +
هَاتِ الطَّعَامَ ۔ کھانا لاؤ +	قِفْ مَکَانَکَ ۔ اپنی جگہ پر کھڑا رہ +
اُحْضُرْهُ لِی ۔ اس کو میرے پاس لاؤ +	اِرْفَعْ کِتَابَهٗ ۔ اسکی کتاب اٹھاؤ +

اِقْسِمْ بَيْنَنَا ۔ ہم میں بانٹ دو ۔	اَرِنِي صُوْرَتَهٗ ۔ اسکی تصویر مجھے دکھاؤ ۔

امر غائب متکلم

لِيَدْخُلْ دَارَنَا +	اس کو ہمارے گھر آنا چاہیئے +
لِيَخْرُجْ مِنْ بَيْتِنَا +	اس کو ہمارے گھر سے نکل جانا چاہیئے +
لِتَأْكُلْ مَعَهٗ +	اس عورت کو اس کے ساتھ کھانا چاہیئے +
لِتَذْهَبْ اِلَى الدِّيْوَانِ +	اس عورت کو کچہری جانا چاہیئے +
لِاُحْضِرْ كِتَابِي مِنْ عِنْدِهٖ +	مجھے اس کے پاس سے اپنی کتاب لانی چاہیئے
لِنَشْرَبْ مَاءَ الرُّمَّانِ +	ہمیں انار کا پانی پینا چاہیئے +

ضروری ہدایتیں :- (۱) امر غائب اور امر متکلم کا لام مکسور اور حرف آخر ساکن ہوتا ہے ۔
(۲) امر کے آخر میں ی بڑھانے سے واحد مؤنث کا صیغہ بنجاتا ہے جیسے ادخلی وغیرہ +

سبق نمبر (۱۲)

نہی

الفاظ: اِغْتَابَ (اس نے پیٹھ پیچھے برائی کی) تَكَلَّمَ (اس نے بات کی) لَعِبَ (وہ کھیلا) اَخَّرَ (اس نے دیر کی) سَخِرَ (اس نے ٹھٹھا کیا) اِلْتَفَتَ (دھیان کیا) اَحَدٌ (کوئی) تَحْتُ (نیچے) فَوْقُ (اوپر) يَمِيْنٌ (دایاں) شِمَالٌ (بایاں) +

نہی حاضر

لَا تَغْتَبْ اَحَدًا +	کسی کی پیٹھ پیچھے برائی نہ کر +
لَا تَتَكَلَّمْ بِسُوْءٍ +	بری بات نہ کہو +
لَا تَلْعَبْ فِي الطَّرِيْقِ +	راستہ میں نہ کھیل +
لَا تُؤَخِّرْ فِي الْعَمَلِ +	کام میں دیر نہ کر +
لَا تَسْخَرْ مِنْ مِسْكِيْنٍ +	مفلس سے ٹھٹھا نہ کر +
لَا تَنَمْ تَحْتَ الشَّجَرَةِ +	درخت کے نیچے نہ سو +
لَا تَجْلِسْ فَوْقَ السَّقْفِ +	چھت پر نہ بیٹھ +

لَا تَلْتَفِتْ يَمِيْنًا وَّ شِمَالًا +	دائیں بائیں دھیان نہ کر +

نہی غائب و متکلم

لَا يَدْخُلْ دَارَنَا +	اس کو ہمارے گھر نہ آنا چاہیئے +
لَا يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِنَا +	اسکو ہمارے گھر سے نہ نکلنا چاہیئے +
لَا يَصْعَدْ فَوْقَ السَّقْفِ +	اسکو چھت پر نہ چڑھنا چاہیئے +
لَا يَذْهَبْ اِلَى الدِّيْوَانِ +	اسے کچہری نہ جانا چاہیئے +
لَا تُحْضِرْ كِتَابَكُمَا +	اس (عورت) کو تمہاری کتاب نہ لانا چاہیئے +
لَا تَاْكُلْ مَعَكُمْ +	اس (عورت) کو تمہارے ساتھ نہ کھانا چاہیئے +
لَا اَشْرَبْ مَاءَ الرُّمَّانِ +	مجھے انار کا پانی نہ پینا چاہیئے +
لَا نُقَابِلِ الْاَرَاذِلَ +	ہمیں پاجیوں سے نہ ملنا چاہیئے +

سبق نمبر ۱۳

یہ چیزیں کہاں ہوتی ہیں؟

لغات: مَكْتَبَةٌ (دفتر) بِرْمِيْلٌ (پیپہ) خَلِيَّةٌ (چھتہ) قِنٌّ (ڈربہ) زَهْرٌ (پھول) مَرْكَبٌ (کشتی) فَرَاش (بھمیری) مَوَاشِي (چارپائے) سنونو (ابابیل) خُلْدٌ (چھچھوندر) ذِئْبٌ (بھیڑیا) فَارٌ (چوہا) دَجَاجٌ (مرغی) نَحْل (شہد کی مکھی) قِطَارٌ (ٹرین) الخط الحدیدیُّ (ریل کی سڑک)

اَلْكُتُبُ فِي الْمَكْتَبَةِ + کتابیں کتبخانے میں +	اَلْخُلْدُ فِي الْاَرْضِ + چھچھوندر زمین میں +
اَلْخَمْرُ فِي الْبِرْمِيْلِ + شراب پیپے میں +	اَلذِّئْبُ فِي الْغَابَةِ + بھیڑیا بیشہ میں +
اَلْمَرْكَبُ عَلَى الْمَاءِ + کشتی پانی پر +	اَلْفَارُ فِي الْجُحْرِ + چوہا بل میں +
اَلْفَرَاشُ عَلَى الْاَزْهَارِ + بھمیری پھولوں پر +	اَلدَّجَاجُ فِي الْقِنِّ + مرغی ڈربہ میں +
اَلْمَوَاشِي فِي الْحَظِيْرَةِ + چوپائے باڑہ میں +	اَلنَّحْلُ فِي الْخَلِيَّةِ + شہد کی مکھی چھتہ میں +
اَلسُّنُونُو فِي الْهَوَاءِ + ابابیل ہوا میں +	اَلطُّيُوْرُ فِي الْاَقْفَاصِ + پرندے پنجروں میں +
اَلْوُحُوْشُ فِي الصَّحْرَاءِ + جنگلی جانور میدان میں +	اَلْقِطَارُ عَلَى الْخَطِّ الْحَدِيْدِيِّ + ریل آہنی سڑک پر +

سبق نمبر (۱۴)

یہ چیزیں کس کام آتی ہیں؟

لغات:
فمٌ (منہ) تمخطُ (رینٹھ) اِبرۃٌ (سوئی) رحیٰ (چکی) دقیقٌ (آٹا) دلوٌ (ڈول)
حجرٌ (پتھر) کُبابۃٌ (گلاس) طِینٌ (گارا) شبکۃٌ (جال) مِفتاحٌ (چابی)
مِنشارٌ (آرہ) حذاءٌ (جوتا) طحنٌ (پیسنا) طلاءٌ (لیپنا) لمسٌ (چھونا)
ذوقٌ (چکھنا) وِقایۃٌ (بچانا) مشیٌ (چلنا) +

اَلارجلُ للمشیِ +	پاؤں چلنے کے واسطے +
اَلاَیدِی لِلقبضِ وَاللّمسِ +	ہاتھ پکڑنے اور چھونے کے واسطے +
اَلفمُ لِلنطقِ وَالذّوقِ +	منہ بولنے اور چکھنے کے واسطے +
اَلاِبرۃُ لِخیاطۃِ الثوب +	سوئی کپڑے سینے کے واسطے +
اَلرحیٰ لطحنِ الدّقیق +	چکی آٹا پیسنے کے واسطے +
اَلدّلو لاستسقاءِ الماءِ +	ڈول پانی پینے کے واسطے +
اَلحجرُ لبناءِ البیتِ +	پتھر گھر بنانے کے واسطے +
اَلکبابۃُ لِشربِ الدّواءِ +	گلاس دوا پینے کے واسطے +
اَلمندیلُ لمسحِ التمخّطِ +	رومال رینٹھ صاف کرنیکے واسطے +
اَلطّینُ لطلی الحجارۃ +	گارہ پتھروں کی لپائی کے واسطے +
اَلشّبکۃُ لصیدِ السّمکِ +	جال مچھلی کے شکار کے واسطے +
اَلمفتاحُ للفتحِ والغلقِ +	چابی کھولنے اور بند کرنیکے واسطے +
اَلبندقیّۃُ لِصیدِ الوحشِ +	بندوق جنگلی جانوروں کے شکار کیواسطے +
اَلمنشارُ لنشرِ الاخشاب +	آرہ لکڑیاں چیرنے کے واسطے +
اَلسّاعۃ لتعریفِ الاوقاتِ +	گھڑی وقت پہچاننے کے واسطے +
اَلحذاءُ لوقایۃِ الارجل +	جوتا پاؤں کی حفاظت کے واسطے +
اَلشّمسیّۃ لِلوقایۃِ مِنَ الشّمسِ +	چھتری دھوپ سے بچنے کے واسطے +

. . . .

سبق نمبر (۱۵)

یہ چیزیں کس مادہ سے بنائی جاتی ہیں

لغات

تِرمِیدٌ (اینٹ) لیف (ریشہ) قمحٌ (گیہوں) جِلدٌ (چمڑا) رصاصٌ (سیسہ)
جُبنٌ (پنیر) قنِّینَۃٌ (بوتل) مِبرَدٌ (سوہان) مِدفعٌ (توپ) قُنبلۃ (گولہ)
سُلَّمٌ (سیڑھی) کساءٌ (کمبل) سِوارٌ (کنگن) دَوَاءٌ (دارو) جَرَسٌ (گھنٹہ)
عقاقیرٌ (جڑی بوٹیاں) +

اَلخمرُ تُصنَعُ مِنَ العنبِ +	شراب انگور سے بنائی جاتی ہے +
اَلتِّرمِیدُ یُصنَعُ مِنَ التُّرابِ +	اینٹ مٹی سے بنائی جاتی ہے +
اَلحبلُ یُصنَعُ مِنَ اللِّیفِ +	رسّی ریشوں سے بنائی جاتی ہے +
اَلجُبنُ یُصنَعُ مِنَ اللبنِ +	پنیر دودھ سے بنایا جاتا ہے +
اَلقنانِی تُصنَعُ مِنَ الزُّجاجِ +	بوتلیں کانچ سے بنائی جاتی ہیں +
اَلاَحذِیَۃُ تُصنَعُ مِنَ الجِلدِ +	جوتیاں چمڑے سے بنائی جاتی ہیں +
اَلاَجرِبَۃُ تُصنَعُ مِنَ القطنِ +	جرابیں سوت سے بنائی جاتی ہیں +
اَلطَّحِینُ یُصنَعُ مِنَ القمحِ +	آٹا گیہوں سے بنایا جاتا ہے +
اَلمِبرَدُ یُصنَعُ مِنَ الفُولادِ +	سوہان فولاد سے بنایا جاتا ہے +
اَلمِدفعُ یُصنَعُ مِنَ الحدِیدِ المصبُوبِ +	توپ ڈھلے ہوئے لوہے سے بنائی جاتی ہے +
اَلقُنبلۃُ تُصنَعُ مِنَ الرَّصاصِ +	گولہ سیسہ سے بنایا جاتا ہے +
اَلسُّلَّمُ تُصنَعُ مِنَ الخشبِ +	سیڑھی لکڑی سے بنائی جاتی ہے +
الکساءُ تُصنَعُ مِنَ الصُّوفِ +	کمبل اون سے بنایا جاتا ہے +
اَلخاتِمُ تُصنَعُ مِنَ الفِضَّۃِ +	انگوٹھی چاندی سے بنائی جاتی ہے +
اَلاَسوِرَۃُ تُصنَعُ مِنَ الذَّھبِ +	کنگن سونے سے بنائے جاتے ہیں +
اَلدَّوَاءُ یُصنَعُ مِنَ العَقاقِیرِ +	دوا جڑی بوٹیوں سے بنائی جاتی ہے +
اَلجرسُ تُصنَعُ مِنَ النُّحاسِ +	گھنٹہ تانبے سے بنایا جاتا ہے +

سبق نمبر (۱۶)

یہ لوگ کیا کام کرتے ہیں؟

مفردات:- حَطَّابٌ (لکڑہارا) حائِكٌ (جلاہا) فَلَّاحٌ (کسان) حَصَّادٌ (کھیت کاٹنے والا) سائِقٌ (کوچ مین) اسکافٌ (موچی) خطیب (لیکچرار) خَیلٌ (گھوڑا) سَیِّدٌ (آقا) شَقِیٌّ (بدبخت) مریضٌ (بیمار) ثوب (کپڑا) بنّاء (معمار) بَوَّابٌ (دربان) شرطیٌّ (پولیس کا سپاہی) راعیٌ (چرواہا) +

اَلْکَرِیمُ یُعْطِی الْفُقَرَاءَ +	سخی نادار آدمیوں کو دیتا ہے +
اَلْبَخِیلُ یَجْمَعُ الْمَالَ +	کنجوس مال جمع کرتا ہے +
العَبْدُ یَخْدِمُ سَیِّدَہٗ +	غلام اپنے آقا کی خدمت کرتا ہے +
الطَّبِیبُ یُدَاوِی الْمَرْضٰی +	طبیب بیماروں کا علاج کرتا ہے +
الحطّاب یقطع الاشجار +	لکڑہارا درخت کاٹتا ہے +
الحائِكُ ینسج الثّیابَ +	جلاہا کپڑے بنتا ہے +
اَلفلّاحُ یحرُثُ الارض +	کسان زمین جوتتا ہے +
اَلحَصَّادُ یحصُدُ المزروعات +	کھیتی کاٹنے والا کھیت کاٹتا ہے +
السائِقُ یسوقُ الخیلَ +	کوچ مین گھوڑا ہانکتا ہے +
اَلاِسْکافُ یصنعُ الاَحْذِیَۃَ +	موچی جوتیاں بناتا ہے +
الخطیبُ یتکلّمُ فی المجالس +	لیکچرار مجلسوں میں تقریر کرتا ہے +
اَلجُندِیُّ یُدَافِعُ عَنْ وَطَنِہٖ +	سپاہی اپنے وطن کی حفاظت کرتا ہے +
اَلبنّاءُ یَبنِی بُیُوتَ النَّاسِ +	معمار لوگوں کے گھر بناتا ہے +
البوّابُ یفتحُ الابوابَ ویُغلِقُہٗ +	دربان دروازہ کھولتا ہے اور بند کرتا ہے +
الشُّرطیُّ یَقبِضُ علَی الاشقِیاءِ +	پولیس کا سپاہی بدمعاشوں کو گرفتار کرتا ہے +
المَلّاحُ یُسَیِّرُ السَّفِینَۃَ فِی البَحرِ +	ملاح کشتی کو سمندر میں چلاتا ہے +
الرُّعاۃُ ینفخُونَ بالمزمارِ +	چرواہے بانسری بجاتے ہیں +

سبق نمبر ١٧

اسم کی متبادلہ حالتیں !

معانی: عِشَاءٌ (شروع شب) نَفْسٌ (جی) اِنَّ (بے شک) خَاطِئٌ (خطا کرنیوالا) صَالِحٌ (نیک) وَلِیٌّ (دوست) رَحِيْمٌ (مہربان) اِثْنَانِ (دو) يَوْمُ الْاِثْنَيْنِ (دوشنبہ)

عربی	اردو
ذَهَبَ خَالِدٌ مَعَ ابْنِہٖ +	خالد اپنے بیٹے کے ساتھ گیا +
رَاَيْتُ خَالِدًا فِي الْمَدْرَسَةِ +	میں نے خالد کو مدرسہ میں دیکھا +
مَرَرْتُ بِخَالِدٍ فِي الْبُسْتَانِ +	میں خالد کے ساتھ باغ میں گیا +
كَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا +	ان کا باپ نیک آدمی تھا +
جَآءُوْا اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ +	وہ رات کے وقت اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے تھے +
قَالُوْا لِاَبِيْهِ اِنَّا خَاطِئُوْنَ +	انھوں نے اپنے باپ سے کہا کہ بیشک ہم خطاوار ہیں +
لَا يَخْتَلِفُ فِيْهِ الْاِثْنَانِ +	اسمیں دو آدمیونکو بھی اختلاف نہیں +
قَدِمَ مِنْ سَفَرِہٖ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ +	وہ اپنے سفر سے دوشنبہ کے دن آیا +
ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا +	ایماندار مردوں اور عورتوں نے اپنے آپ میں نیک گمان کیا +
يَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ +	اللہ تعالیٰ ایماندار مردوں اور عورتوں پر رحم کرتا ہے +
كَانَ اللّٰهُ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا +	اللہ تعالیٰ مومنوں پر مہربان ہے +
لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ +	ایمان والے لوگ کافروں کو دوست نہ بنائیں +

ضروری ہدایتیں: (١) اسم کی حالت عامل کے بدلنے سے متغیر ہوتی رہتی ہے۔ خواہ اعراب بالحرکۃ ہو جیسے خَالِدٌ۔ خَالِدًا۔ خَالِدٍ میں اور خواہ اعراب بالحرف ہو جیسے ابو۔ ابا۔ ابی میں۔
(٢) تثنیہ کا الف (ی) ماقبل مفتوح سے اور جمع کی واؤ (ی) ماقبل مکسور سے اختلاف اعراب کے وقت بدل جاتی ہے جیسے اثنان اثنین نیز مومنون اور مومنین وغیرہ میں + (مؤلف)

سبق نمبر (۱۸)

افعَال نَاقِصَہ

مفردات: عَلِیمٌ (دانا) خَائِنٌ (خیانت کرنے والا) کَاذِبٌ (جھوٹا) خَادِمٌ (خدمتگار) خَائِفٌ (ڈرنیوالا) کَہْلٌ (ادھیڑ) سَحَابٌ (بادل) رِیحٌ (تندہوا) صَارَ (ہوگیا) اَصْبَحَ (ہوگیا) مَابَرِحَ (ہمیشہ رہا) مَازَالَ (ہمیشہ رہا) کَانَ (تھا، ہے) لَیْسَ (نہیں ہے) حَسْنَاءُ (خوبصورت عورت) +

کَانَ اللّٰہُ عَلِیمًا۔ خدا تعالےٰ دانا ہے +

کُنتُم رِجَالًا صَادِقِینَ۔ تم سچے (مرد) تھے +

لَمْ یَکُونُوا خَائِنِینَ۔ وہ خائن نہ تھے +

لَیْسَ الْخَادِمُ حَاضِرًا۔ وہ نوکر حاضر نہیں +

هُمْ لَیْسُوْا اَفْرِیقِیِّینَ۔ وہ افریقہ کے رہنے والے نہیں ہیں +

لَسْتُ مِنْکَ خَائِفًا۔ میں تم سے نہیں ڈرا +

نَحْنُ لَسْنَا کُسَالیٰ:۔

کَانَتِ الصَّبِیَّۃُ حَسْنَاءَ۔ وہ لڑکی خوبصورت تھی +

کُنَّ نِسَاءً صَادِقَاتٍ۔ وہ سچی عورتیں تھیں +

نَحْنُ لَمْ نَکُنْ کَاذِبِینَ۔ ہم جھوٹے نہ تھے +

لَیْسَتِ الْاِمْرَاَۃُ فَقِیرَۃً۔ وہ عورت محتاج نہیں ہے +

هُنَّ لَسْنَ اَفْرِیقِیَّاتٍ۔ وہ افریقہ کی رہنے والی نہیں ہیں +

ہم سست نہیں ہیں +

ضروری ہدایتیں

(۱) جب جملہ اسمیہ پر فعل ناقص داخل ہو تو مبتدا اس کا اسم اور خبر اس کی خبر کہلاتی ہے (۲) فعل ناقص کا اسم مرفوع اور خبر منصوب ہوتی ہے (۳) جب مذکر سالم مبتدا کی خبر واقع ہو تو (ون) سے آتی ہے اور جب فعل ناقص کی خبر ہو تو (ین) سے جیسے هُمْ اَفْرِیقِیُّونَ۔ کَانُوا اَفْرِیقِیِّینَ (۴) جب جمع مؤنث مبتدا کی خبر ہو تو (اتٌ) سے آتی ہے اور جب فعل ناقص کی خبر ہو تو (اتٍ) سے جیسے هُنَّ اَفْرِیقِیَّاتٌ۔ کُنَّ اَفْرِیقِیَّاتٍ +

سبق نمبر ۱۹

مضاف ومضاف الیہ

مفردات:۔ عَاصِمَۃٌ (پایۂ تخت) مَوْلِدٌ (جائے پیدائش) نَبِیٌّ (پیغمبر) قُطْنٌ

مفرد (روئی) حَرِیْرٌ (ریشم) شُبَّاکٌ (کھڑکی) رَائِحَۃٌ (بُو) شَامِخٌ (بلند) اَلْوَرَمُ (سوجنا) بنون (بیٹے۔ جمع ابنٌ کی)۔

اَحْمَدُ بْنُ سُلْطَانٍ۔ احمد بادشاہ کا بیٹا ہے

اِسْتَنْبُوْلُ عَاصِمَۃُ تُرْکِیَّۃَ۔ استنبول ٹرکی کا پایۂ تخت ہے +

اَنْتَ طَالِبُ عِلْمٍ۔ تو طالب علم ہے +

ثَوْبُ الْقُطْنِ نَظِیْفٌ۔ سوتی کپڑا ستھرا ہے +

شُبَّاکُ الْبَیْتِ قَدِیْمٌ۔ گھر کی کھڑکی پرانی ہے +

شَجَرُ الرُّمَّانِ شَامِخٌ۔ انار کا درخت بلند ہے +

اَنَا اٰتٍ مِنْ بَیْتِ خَالِدٍ + میں خالد کے گھر سے آتا ہوں۔

اَلْاِبْنُ قَائِمٌ عَلٰی بَابِ الْمَدْرَسَۃِ +

ھُمَا مُسَافِرَا الْبَصْرَۃِ۔ وہ دونوں بصرے جانے والے ہیں +

رِجْلَاہُ وَرِمَتَا + اس کے پاؤں سوج گئے +

زَیْنَبُ بِنْتُ اَمِیْرٍ۔ زینب حاکم کی بیٹی ہے۔

مَکَّۃُ مَوْلِدُ النَّبِیِّ۔ مکہ شریف پیغمبر صاحب کی جائے پیدائش ہے۔

ھُوَ صَاحِبُ مَالٍ۔ وہ مالدار ہے +

مِنْدِیْلُ الْحَرِیْرِ وَسِخٌ ریشمی رومال میلا ہے +

اَوْضَۃُ الطَّعَامِ جَدِیْدَۃٌ۔ کھانیکا کمرا نیا ہے +

رَائِحَۃُ التُّفَّاحِ جَیِّدَۃٌ۔ سیب کی خوشبو اچھی ہے +

ھُوَ ذَاھِبٌ اِلٰی بُسْتَانِ رَشِیْدٍ۔ وہ رشید کے باغ کو جاتا ہے +

وہ لڑکا مدرسہ کے دروازہ پر کھڑا ہوا ہے +

ھُمْ مُسْلِمُوْ کُوْفَۃَ۔ وہ کوفہ کے مسلمان ہیں +

بَنُوْکَ ذَھَبُوْا + تمہارے بیٹے گئے +

ضروری ہدایتیں :۔ (۱) مضاف ہمیشہ الف لام سے خالی ہوتا ہے اور اس کے آخر میں کبھی تنوین نہیں آتی (۲) مضاف الیہ جب الف لام سے مستعمل ہو تو اس کے آخر میں ایک زیر آتی ہے جیسے اِبْنُ السُّلْطَانِ (۳) جب مضاف الیہ معرفہ ہو تو اس سے توضیح مقصود ہوتی ہے اور جب نکرہ ہو تو تخصیص (۴) احمد۔ زینت۔ استنبول۔ بصرۃ اور اسی قسم کے ناموں پر جب وہ مبتدا ہوں تو صرف ایک پیش آتا ہے (۵) اضافت کے وقت مضاف کے آخر سے نون تثنیہ اور جمع گرجاتا ہے جیسے مسافران و مسلمون کا نون گرگیا + (مؤلف)

سبق نمبر (۲۰)

صفت و موصوف

مفردات :۔ فِیْلٌ (ہاتھی) حَیْوَانٌ (جانور) صَبِیٌّ (لڑکا) فَتًی (نوجوان) شَابٌّ

(جوان) نَهْرٌ (دریا)، صِرَاطٌ (راستہ)، بَارِيْزُ (پیرس) حَاذِقٌ (تجربہ کار) خَيِّرَةٌ (نیک عورت)، مُهَذَّبٌ (شائستہ) فَارِهٌ (تیز رو) عَجُوْزٌ (بوڑھا - بڑھیا) نَشِيْطٌ (چست) کَسْلَانُ (سست) اَبْيَضُ (سفید) +

اَحْمَدُ وَلَدٌ لَطِيْفٌ۔ احمد پاکیزہ لڑکا ہے۔

اَلْفِيْلُ حَيْوَانٌ كَبِيْرٌ۔ ہاتھی بڑا جانور ہے۔

اَلنِّيْلُ نَهْرٌ طَوِيْلٌ۔ نیل لمبا دریا ہے۔

اَلطَّبِيْبُ الْهِنْدِيُّ حَاذِقٌ۔ وہ ہندوستانی حکیم تجربہ کار ہے۔

اَلْوَلَدُ الشَّابُّ مُهَذَّبٌ۔ وہ جوان لڑکا شائستہ ہے +

عِنْدَهٗ مِفْتَاحَانِ جَدِيْدَانِ +

فِي الْبَحْرِ سَفِيْنَتَانِ طَوِيْلَتَانِ +

عِنْدَنَا اَحْجَارٌ كِبَارٌ +

هُنَّ خَيِّرَاتٌ حِسَانٌ +

هُمْ صَنَعُوْا بَرْمِيْلًا جَيِّدًا +

هُوَ كَسَّرَ سَاعَةً جَدِيْدَةً +

مَشَيْنَا عَلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ +

اَتَى اِلَيْنَا فِي الْاَيَّامِ الْمَاضِيَةِ +

زَيْنَبُ فَتَاةٌ وَسِخَةٌ۔ زینب میلی لڑکی ہے +

مَرْيَمُ صَبِيَّةٌ صَغِيْرَةٌ۔ مریم چھوٹی لڑکی ہے +

بَارِيْزُ بَلْدَةٌ نَفِيْسَةٌ۔ پیرس عمدہ شہر ہے +

اَلْفَتَاةُ الْهِنْدِيَّةُ غَنِيَّةٌ۔ وہ ہندوستانی لڑکی دولتمند ہے +

اَلْمَرْاَةُ الْعَجُوْزُ كَسْلَانَةٌ۔ وہ بڑھیا سست ہے +

اس کے پاس دو نئی چابیاں ہیں +

سمندر میں دو لمبی کشتیاں ہیں +

ہمارے پاس بڑے بڑے پتھر ہیں +

وہ نیک عورتیں خوبصورت ہیں +

انھوں نے بہت عمدہ پیپہ بنایا +

اس نے نئی گھڑی توڑ ڈالی +

ہم سیدھے راستے پر چلے +

وہ ہمارے پاس گذشتہ دنوں آیا تھا +

ضروری ہدایتیں:۔ (۱) عربی میں موصوف مقدم اور صفت موخر ہوتی ہے (۲) موصوف اور صفت کے درمیان تذکیر و تانیث تعریف و تنکیر وحدت و تثنیہ و جمعیت و اعراب میں مطابقت کا ہونا ضروری ہے +

سبق نمبر (۲۱)

اسمائے اشارہ

هٰذَا (یہ۔ مذکر کے لئے) هٰذِهٖ (یہ مونث کے لئے) ذٰلِكَ (وہ۔ مذکر کے لئے)

تِلْكَ (وہ۔مونث کے لئے) هٰذَانِ (تثنیہ مذکر) هَاتَانِ (تثنیہ مونث) هٰؤُلَاءِ (یہ سب مرد عورتیں) اُولٰئِكَ (وہ سب۔ مرد عورتیں) عَوْنٌ (مددگار) حِصَانٌ (گھوڑا) بُرْنَيْطَةٌ (انگریزی ٹوپی) سَاحِرٌ (جادوگر)+

اسم اشارہ کی تذکیر و تانیث اور قریب و بعد پر غور کرو!

هٰذَا مَاءُ تُفَّاحٍ + یہ سیب کا پانی ہے +	هٰذِهِ رَائِحَةُ الطَّعَامِ + یہ کھانے کی خوشبو ہے +
ذٰلِكَ جَمَلُ الْغَنِيِّ +	وہ اس دولتمند کا اونٹ ہے +
تِلْكَ سِلْسِلَةُ الْكَلْبِ +	وہ اس کتے کی زنجیر ہے +
اِنَّ هٰذَانِ لَسَاحِرَانِ +	یہ دونوں جادوگر ہیں +
بِكَمْ هَاتَانِ السَّاعَتَانِ +	ان دونوں گھڑیوں کی کیا قیمت ہے +
هٰؤُلَاءِ اَعْوَانُ يَعْقُوْبَ +	یہ لوگ یعقوب کے مددگار ہیں +
اُولٰئِكَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ +	یہ لوگ یوسف کے بھائی ہیں +
هٰذَا حِصَانُ ذٰلِكَ الشَّابِّ +	یہ گھوڑا اس جوان کا ہے +
تِلْكَ الْمَرْاَةُ اُمُّ اَخِيْ +	وہ عورت میرے بھائی کی ماں ہے +
هٰذِهِ بُرْنَيْطَتِي الْجَدِيْدَةُ +	یہ میری نئی انگریزی ٹوپی ہے +
تِلْكَ طَرَابِيْشُهُمُ الْقَدِيْمَةُ +	وہ ان کی پرانی ترکی ٹوپیاں ہیں +

ضروری ہدایتیں

(۱) عربی میں اسم اشارہ بعید اور ضمیر غائب کے واسطے دو جداگانہ لفظ ہیں۔ مگر اردو میں دونوں کے واسطے ایک ہی لفظ (وہ) مستعمل ہوتا ہے (۲) اگر مشار الیہ جمع غیر ذوی العقول ہو تو اسم اشارہ مفرد اور مونث ہوتا ہے۔ جیسے هٰذِهِ الْبُيُوْتُ اور یہی حال جمع مونث غیر حقیقی کا ہے جب مشار الیہ ہو جیسے تِلْكَ اُمَمٌ +

سبق نمبر ۲۲

مشقی فقرے

اَنَا رَاضٍ مِنْكَ +	میں تم سے خوش ہوں +
اَلْاَوْفَقُ اَنْ تَاْخُذَهٗ +	بہتر یہ ہے کہ تم اسے لے لو +

هٰذَا الَّایَلِیْقُ بِشَانِکُمْ +
اُشِیْرُ لَکَ اَنْ لَّا تَفْعَلَ ذٰلِکَ +
طَیِّبٌ مَلِیْحٌ +
اَرْجُوْکُمُ الْمَعْذِرَۃَ +
اِنِّیْ مُتَاَسِّفٌ عَلٰی ذٰلِکَ +
هٰذَا مَا کُنَّا نَبْغِیْ +
لَیْسَ عِنْدَہٗ شُغْلٌ +
مَا نَظَرْتُ شَیْئًا قَطُّ اَجْمَلَ مِنْہُ
.. ..
لَا اَصْلَ لَہٗ +
هٰذَا غَیْرُ مُشْرِقٍ +
بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ ٥
اَسْتَوْدِعُکُمُ اللّٰہَ +
اِنِّیْ فِیْ غَایَۃِ الْاِمْتِنَانِ لِجَنَابِکُمْ +

یہ کام تمہارے لائق نہیں +
میں تمہیں صلاح دیتا ہوں کہ وہ کام مت کرو +
بہت خوب۔ بہت اچھا!
میں آپ سے معافی چاہتا ہوں +
مجھے اس پر افسوس ہے +
ہم یہی چاہتے تھے +
اس کے پاس کچھ کام نہیں +
میں نے اس سے زیادہ خوبصورت کبھی کوئی چیز نہیں دیکھی +
اس کی کچھ اصلیت نہیں +
یہ ٹھیک نہیں +
خدا تعالیٰ کی قسم +
میں تمہیں خدا تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں +
میں آپ کا بہت ممنون ہوں +

سبق نمبر (٢٣)
مشقی فقرے

هٰذَا عَارٌ عَلَیْہِ +
یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ +
مَرْحَبًا یَا اَخِی الْعَزِیْزُ
اَطَالَ اللّٰہُ عُمُرَکُمْ +
اِنَّهَا لَهَدِیَّةٌ زَهِیْدَۃٌ +
عَلَی الرَّاْسِ وَالْعَیْنِ +
دَخَلَنَا الشِّتَاءُ +
اِنْتَهٰی زَمَانُ الصَّیْفِ +

یہ اس کے لئے شرم ہے +
کاش میں ان کے ساتھ ہوتا +
پیارے بھائی تشریف لائے +
خدا تمہاری عمر دراز کرے +
یہ ادنیٰ تحفہ ہے +
بسر وچشم +
ہمیں جاڑے کا موسم آیا +
گرمی کا موسم ختم ہوا +

عربی	اردو
كثّر الله خيرك +	خدا تمہیں برکت دے +
دُمتُم سالمين +	ہمیشہ خوش رہو +
بالله عليك يا اخي	بھائی! تمہیں خدا کی قسم +
ان شاء الله تعالى	اگر خدا تعالے نے چاہا +
هٰذا شئ جميل جدًّا +	یہ چیز بہت ہی خوبصورت ہی +
التمس منكم +	میں آپ سے درخواست کرتا ہوں +
لا شكّ فيه +	اس میں کچھ شک نہیں +
لقد سرّني رؤيتك +	میں آپ کی ملاقات سے خوش ہوا +
ارجوك ان تعفو عنّي +	امید ہی کہ آپ مجھے معاف فرمادینگے +
هٰذا يكفي +	یہ کافی ہے +

سبق نمبر ۲۴
مشقی فقرے

عربی	اردو
اَرَاهُ مُخطِئ +	انھوں نے خطاوار سمجھا ۔
انت تستحق اللوم +	تم ملامت کے مستحق ہو +
انّي انبّهك +	میں تمہیں آگاہ کرتا ہوں +
هو منفرد في اوضته +	وہ اپنے کمرے میں تنہا ہے +
دعني وحدي +	مجھے اکیلا رہنے دو +
لقد ادركت غاية اربي +	میں اپنے مطلب کی انتہا کو پہنچا +
على الانسان ان يلاحظ نفسه +	انسان پر واجب ہی کہ اپنی قدر پہچانے +
لا اظنّ انّك تفوز بذالك +	میں گمان نہیں کرتا کہ تم اس سے کامیاب ہوگے +
استشيركم في قضية مهمّة +	میں ایک ضروری معاملہ میں آپ سے مشورہ چاہتا ہوں +
لا باس به +	اسکا کچھ مضائقہ نہیں +
انّي اعتمد عليك +	میرا بھروسہ تم پر ہے +
هٰذا لا يتعلق بي +	یہ میرے سے متعلق نہیں +

لَيْسَ هٰذَا شُغْلِي +	یہ میرا کام نہیں +
هٰذَا لَا يَصْلُحُ لِشَيْءٍ	یہ کسی چیز کے لئے کار آمد نہیں +
يَلْزَمُ اَنْ تَرُدَّهٗ +	مناسب ہے کہ تم اسے واپس کردو +
اِنِّیْ نَسْعِدُ بِرُؤْيَتِكُمْ +	میں آپکی ملاقات کو باعث سعادت سمجھتا ہوں +
اِنِّیْ مَمْنُوْنٌ لَكُمْ +	میں آپ کا شکر گزار ہوں +
هٰذَا فَرْضٌ عَلَيَّ +	یہ میرا فرض (ڈیوٹی) ہے +

سبق نمبر ۲۵

مشقی فقرے

ذَوِّرِ السَّاعَةَ +	گھڑی کو چابی لگاؤ +
نَزَلَ بِهٖ ضَيْفٌ +	اس کے ہاں مہمان آیا +
هُوَ زَعْلَانٌ مِنْكَ +	وہ تم سے ناراض ہے +
اِنِّیْ مَغْمُوْمٌ جِدًّا +	میں بہت غمگین ہوں +
لَا تَذْكُرْ ذٰلِكَ +	اس کا ذکر نہ کیجئے۔
هٰذَا اَمْرٌ مَعْلُوْمٌ +	یہ بات معلوم ہے +
اَلْحَقُّ مَعَكُمْ +	تم راستی پر ہو +
هٰذَا لَا يَسْتَحِقُّ الذِّكْرَ +	یہ ذکر کے لائق نہیں +
اَظُنُّ هٰكَذَا +	میں ایسا ہی خیال کرتا ہوں +
هِیَ شَائِعَةٌ فِیْ جَمِيْعِ اَنْحَاءِ الْبَلْدَةِ +	یہ بات شہر میں جابجا مشہور ہے +
هٰذَا شَيْءٌ لَا يُوْصَفُ +	اسکی تعریف نہیں ہو سکتی +
كُلُّ مَدِيْحٍ قَاصِرٌ فِيْهَا +	ہر شخص اسکی تعریف سے عاجز ہے +
هَلْ كَانَ مُمْكِنًا فِيْهِ +	کیا یہ کسی سے ہو سکتا ہے؟
مَا بَرِحَ السَّحَابُ مُتَرَاكِمًا +	بادل برابر گھر رہا +
لَا زَالَتِ الرِّيَاحُ مُخْتَلِفَةً +	ہوائیں ہر طرف سے چلتی رہیں +
هٰذَا خَبَرٌ مُدْهِشٌ +	یہ وحشت ناک خبر ہے +

الحقُ عليكَ +	تم غلطی پر ہو۔
انفضّتِ الجمعيّةُ +	مجلس برخاست ہوئی +

سبق نمبر ۲۶

الفاظ متضاده

نِقمةٌ (مصیبت) شِقاقٌ (نفاق) دَنِیٌّ (کمینہ) سِلمٌ (صلح) شَقاوةٌ (بدبختی) كدّ (کوشش) أمامٌ (آگے) وراءٌ (پیچھے) +

القناعةُ نِعمةٌ +	قناعت عمدہ چیز ہے :-
الطمعُ نقمةٌ +	لالچ مصیبت ہے +
الجسدُ فانٍ +	جسم فانی ہے +
النفسُ باقيةٌ +	روح باقی ہے +
القوّةُ بالاتحادِ +	قوت اتفاق سے حاصل ہوتی ہے +
الضعفُ بالشِقاقِ +	ضعف نفاق سے پیدا ہوتا ہے +
النفسُ الشريفةُ قويّةٌ +	شریف طبیعت قوی ہوتی ہے +
النفسُ الدنيّةُ ضعيفةٌ +	کمینہ طبیعت کمزور ہوتی ہے +
الحربُ اعظمُ المصائبِ +	لڑائی بڑی مصیبت ہے +
السِلمُ اعظمُ المواهبِ +	صلح بڑی نعمت ہے +
الراحةُ تُطيلُ العُمرَ +	راحت عمر کو زیادہ کرتی ہے +
التعبُ يُقصِرُ العُمرَ +	پریشانی عمر کو گھٹاتی ہے +
الموتُ خاتمةُ الشقاءِ +	موت بدبختی کا خاتمہ ہے +
الشبابُ زمنُ الجِدِّ +	جوانی کوشش کا زمانہ ہے +
الشيخوخةُ زمنُ الراحةِ +	بڑھاپا راحت کا زمانہ ہے +
الشيخُ ينظرُ الى ما وراءَهُ +	بوڑھا گذشتہ چیزوں پر نظر رکھتا ہے +
الولادةُ مبدءُ الشقاءِ +	ولادت بدبختی کی ابتدا ہے +
الشبابُ ينظرُ الى أمامِهِ +	جوان آئندہ کی چیزوں پر نظر رکھتا ہے :-

سبق نمبر (۲۷)

الفاظ متضادہ

نمبر ۱: لَئِیمٌ (کنجوس) بَلِیدَۃٌ (قوائے اعضا) شَمْسٌ (دھوپ) ضَرَّاءٌ (تکلیف) سَرَّاءٌ (آرام) کُفْرَانٌ (ناشکری) جَمِیلٌ (احسان) +

عربی	اردو
اِحْذَرِ الخَائِنَ +	بددیانت سے دور رہو +
اِلْزَمِ الأَمِینَ +	دیانتدار سے میل جول رکھ +
اِنَّ اللِّئَامَ کَثِیرٌ +	بخیل زیادہ ہیں +
اِنَّ الکِرَامَ قَلِیلٌ +	سخی کم ہیں +
رِیحُ الشِّمَالِ بَارِدَۃٌ +	شمال کی ہوا سرد ہوتی ہے +
رِیحُ الجَنُوبِ حَارَّۃٌ +	جنوب کی ہوا گرم ہوتی ہے +
صَدِیقُكَ مَنْ اَبْکَاكَ +	جو تجھکو رلائے وہ تیرا دوست ہے +
عَدُوُّكَ مَنْ اَضْحَکَكَ +	جو تجھکو ہنسلائے وہ تیرا دشمن ہے +
اَهْلُ المُدُنِ نَحِیفُ البَلِیدَۃِ +	شہر کے باشندے ضعیف القویٰ ہوتے ہیں +
اَهْلُ القُرٰی قَوِیُّ البَلِیدَۃِ +	گاؤں کے رہنے والے قوی الاعضاء ہوتے ہیں +
فِی الصَّیْفِ یَقْصِدُ المَرْءُ الظِّلَّ +	انسان گرمی میں سایہ کا طلبگار رہوتا ہے +
فِی الشِّتَاءِ یَقْصِدُ المَرْءُ الشَّمْسَ +	انسان سردی میں دھوپ کا خواستگار رہوتا ہے +
عِنْدَ المَسَاءِ تَغِیبُ الشَّمْسُ فِی المَغْرِبِ +	شام کو آفتاب مغرب میں چھپ جاتا ہے +
عِنْدَ الصَّبَاحِ تَشْرُقُ الشَّمْسُ مِنَ المَشْرِقِ +	صبح کو آفتاب مشرق سے نکلتا ہے +
فِی الضَّرَّاءِ یَذْکُرُ المَرْءُ اَصْحَابَهٗ +	انسان تکلیف میں اپنے رفقاء کو یاد کرتا ہے +
فِی السَّرَّاءِ یَنْسٰی المَرْءُ اَصْحَابَهٗ +	آدمی آرام میں اپنے رفقاء کو بھول جاتا ہے +
عِرْفَانُ الجَمِیلِ یَرْفَعُ قَدْرَ الرَّجُلِ +	احسان کا ماننا آدمی کے مرتبہ کو بڑھاتا ہے +
کُفْرَانُ الجَمِیلِ یَضَعُ قَدْرَ الرَّجُلِ +	احسان فراموشی انسان کے مرتبہ کو گھٹاتی ہے +

سبق نمبر (۲۸)

الفاظ متضادہ

معانی: نَفلٌ (غیر ضروری)، قُلُوصٌ (سکڑنا)، ریبۃٌ (شک)، جَحِیمٌ (جہنم) ذروۃٌ (چوٹی)
ھَوَانٌ (ذلت)، سَھلٌ (ہموار زمین) خَفضٌ (پست زمین) +

الحیوۃُ نومٌ +	زندگی موت ہے +
اَلموتُ یقظۃ +	موت بیداری ہے +
الکافِرُ یُلعنُ و یُنتقمُ +	کافر ملعون اور عذاب میں مبتلا ہے +
المؤمنُ یبارکُ و یُغفرُ +	مومن بابرکت ہے اور بخشا جاتا ہے +
الفقیرُ یبیعُ الضّرُوریّ +	فقیر ضروری اشیاء فروخت کرتا ہے +
الغنیّ یشتری النّافل +	امیر غیر ضروری چیزیں خریدتا ہے +
الحرارۃُ تمدّ الاشیاء +	گرمی چیزوں کو پھیلاتی ہے +
البرودۃُ تقلِصُ الاشیاء +	سردی چیزوں کو سکیڑتی ہے +
الصدقُ داعٍ الی الثقۃِ +	سچائی ثقاہت پیدا کرتی ہے +
الکذبُ داعٍ الی الرّیبۃِ +	جھوٹ شک پیدا کرتا ہے +
العالمُ غنیٌّ فی حالۃ فقرہٖ +	عالم اپنی فقر کی حالت میں بھی دولت مند ہے +
الجاھلُ فقیرٌ فی حالۃ غناہٖ +	جاہل اپنی دولتمندی کی حالت میں بھی فقیر ہے +
الحبُّ والمغفرۃُ نزلا من السّماء +	محبت و بخشش دونوں آسمان سے اتری ہیں +
البغضُ والانتقامُ خرجا من الجحیم +	بغض و کینہ دونوں جہنم سے اترے ہیں +
العلمُ یرفعنا الی ذروۃِ المجد +	علم ہمیں بزرگی کی بلندی تک پہنچا دیتا ہے +
الجھلُ یحطّنا الی اسفل الھوان +	جہالت ہمیں ذلت کی پستی میں گرا دیتی ہے +
الھواءُ لطیفٌ فی السّھول المنخفضۃِ	پست زمینوں میں ہوا غلیظ ہوتی ہے +
الھواء لطیفٌ علی الجبالِ العالیۃِ +	بلند پہاڑوں پر ہوا صاف ہوتی ہے +

سبق نمبر ۲۹

الفاظ متضادہ

اِقبالٌ (آگے بڑھنا) طالحٌ (بد) کریمٌ (سخی) شریف (عزت والا) جیش (لشکر)
اِنکسارٌ (شکست) سالمٌ (تندرست) جریحٌ (زخمی) +

تَکلّمْ فِی مَا تَعْرِفُ +	جس چیز سے تو واقف ہے اس میں گفتگو کر +
اُسْکُتْ عَمَّا تَجْهَلُ +	جس شے کو تو نہیں جانتا اس سے خاموش رہ +
حَرَکَةُ الْاِقْبَالِ بَطِیئَةٌ +	ترقی کی چال دھیمی ہوتی ہے +
حَرَکَةُ الْاِدْبَارِ سَرِیعَةٌ +	تنزل کی چال تیز ہوتی ہے +
اَللّٰهُ یُثِیبُ الصَّالِحِیْنَ +	اللہ تعالیٰ نیکوں کو اجر دیتا ہے +
اَللّٰهُ یُعَاقِبُ الطَّالِحِیْنَ +	خدا تعالیٰ بروں کو سزا دیتا ہے +
بِالْاِیْمَانِ یَخْلُصُ الْاِنْسَانُ +	ایمان سے انسان نجات پاتا ہے +
بِالْکُفْرِ یَهْلِکُ الْاِنْسَانُ +	کفر سے انسان ہلاک ہوتا ہے +
کُلُّ مَا یَعْمَلُهُ الْاِنْسَانُ فَانٍ +	انسان جو کام کرتا ہے وہ فانی ہے +
کُلُّ مَا یَعْمَلُهُ اللّٰهُ بَاقٍ +	اللہ تعالیٰ جو کام کرتا ہے وہ باقی ہے +
مَنْ زَرَعَ الْکَسَلَ حَصَدَ الْفَقْرَ +	جس شخص نے سستی کا بیج بویا ناداری حاصل کی +
مَنْ زَرَعَ الْجِدَّ حَصَدَ الْغِنٰی +	جس شخص نے کوشش کی کاشت کی دولت حاصل کی +
مَعْرِفَةُ الْجَمِیْلِ فَضِیْلَةُ الْکِرَامِ +	احسان کو پہچاننا شریفوں کی خوبی ہے +
کُفْرَانُ الْجَمِیْلِ رَذِیْلَةُ اللِّئَامِ +	احسان فراموش کرنا رذیلوں کا کام ہے +
کَمْ مِنْ جَیْشٍ وَجَدَ فِی الْاِنْکِسَارِ قُوَّةً +	بہت لشکروں نے ہزیمت کے وقت قوت حاصل کی +
کَمْ مِنْ جَیْشٍ وَجَدَ فِی النَّصْرِ ضُعْفًا +	لشکر کامیابی کے وقت کمزور ہو گئے +
خَرَجَ الْغَالِبُ مِنَ الْمُعْرَکَةِ سَالِمًا +	فتحمند لڑائی کے میدان سے صحیح و سالم باہر آیا +
خَرَجَ الْمَغْلُوْبُ مِنَ الْمُعْرَکَةِ جَرِیْحًا +	ہزیمت خوردہ لڑائی کے میدان سے زخمی نکلا +

سبق نمبر (۳۰)

اسمائے موصولہ

لغت: شَابٌ (جوان) زُجَاجٌ (آئینہ) صَدَفَۃٌ (سیپی) فتیٰ (نوجوان) اَلَّذِیْ (جو جس. واحد مذکر) اَلَّذَانِ (جوجن تثنیہ مذکر) اَلَّذِیْنَ (جو جن (جمع مذکر) اَلَّتِیْ (جوجس (واحد مونث) اللَّتَانِ (جو جن (تثنیہ، مونث) اَللَّاتِیْ (جو جن (جمع مونث) الخ

اَیْنَ الشَّابُ الَّذِیْ فَقَدَ شَمْسِیَّتَکَ + — وہ جوان کہاں ہے جسنے تیری چھتری کھوئی +

اِنْکَسَرَ الزُّجَاجُ الَّذِیْ کَانَ عِنْدَہٗ + — وہ آئینہ ٹوٹ گیا جو اسکے پاس تھا +

ھِیَ الْاِبْنَۃُ الَّتِیْ رَاَیْتَھَا اَمْسِ + — یہ وہی لڑکی ہے جسکو تونے کل دیکھا تھا +

ھٰذِہٖ الصَّدَفَۃُ الَّتِیْ وَجَدْنَاھَا + — یہ وہی سیپ ہے جو ہمیں دستیاب ہوئی تھی +

ھٰذَانِ الْفَتَیَانِ اللَّذَانِ جَاءَا مِنْ مِصْرَ + — یہ وہی دونوں جوان ہیں جو مصر سے آئے تھے +

ھَاتَانِ الْعَیْنَانِ اللَّتَانِ تَرَاھُمَا فِی رَاسِیْ + — یہ وہی دونوں آنکھیں ہیں جن کو تم میرے سر میں دیکھتے ہو +

ھُمُ الرُّعَاۃُ الَّذِیْنَ وَصَلَتْ اِلَیْنَا اَخْبَارُھُمْ + — یہ وہی گڈریے ہیں جن کی خبریں ہم کو پہنچیں +

....

ھُنَّ الْبَنَاتُ اللَّاتِیْ وَقَفْنَ فِی الطَّرِیْقِ + — یہ وہی لڑکیاں ہیں جو راستے میں ٹھہر گئی تھیں +

خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَّنْفَعُ النَّاسَ + — اچھا وہ شخص ہے جو لوگوں کو فائدہ پہنچائے +

مَنْ یَّعْمَلْ سُوْءً یُّجْزَ بِہٖ + — جو برا کام کرتا ہے. اس کی سزا پاتا ہے +

اِصْنَعْ مَا شِئْتَ + — جو چاہو سو کرو +

ھَلْ تَذْکُرُوْنَ مَا اَقُوْلُ لَکُمْ + — جو کچھ میں تم سے کہتا ہوں کیا تم اسکو یاد رکھوگے +

ضروری ہدایت

(۱) عربی میں اسم موصول مذکر، مونث کے لئے علیحدہ علیحدہ کلمے مقرر ہیں. مگر اردو میں یہ تفریق نہیں (۲) مَنْ ذوی العقول کے واسطے اور مَا بغیر ذوی العقول کے واسطے آتا

ہے (۳) مَنْ و مَا واحد تثنیہ و جمع اور تذکیر و تانیث کی حالت میں اپنی شکل پر رہتے ہیں مثلاً من اَنتَ، مَنْ انتم۔ مَن اَنتِ، من انتن +

سبق نمبر (۳۱)

همزہ اور هل کا استعمال

مفردات :- حَلَّاقٌ (نائی) نَجَّارٌ (بڑھئی) جُزْمِجِيٌّ (موچی) حَظٌّ (نصیب)

اَهٰذَا خادِمُکُمْ ؟	کیا یہ تمہارا نوکر ہے ؟	لا
اتَبْقیٰ هٰهُنا ؟	کیا تم یہاں ٹھہرو گے ؟	نَعَمْ
اَلَیْسَ هُوَ الحَلَّاقُ ؟	کیا وہ نائی نہیں ہے ؟	لَیْسَ هُوَ
اَتُحِبُّ تِلْكَ اللُّغَةَ ؟	کیا تمہیں وہ زبان پسند ہے ؟	کثیرٌ جدًا
اَتُرِیْدُوْنَ اَنْ تَلْبَسَ هٰذَا الخَاتَم ؟	,, تم یہ انگوٹھی پہننا چاہتے ہو ؟	لَسْتُ اُرِیْدُ
هَلْ هُوَ نَجَّارٌ اَمْ جُزْمِجِيٌّ ؟	,, وہ بڑھئی ہے یا موچی ؟	هُوَ نَجَّارٌ
هَلْ تَقْدِرُ اَنْ تَتَکَلَّمَ بِالفَرَنْسَاوِيِّ ؟	,, تم فرانسیسی میں بات چیت کر سکتے ہو ؟	قلیلًا وجدًا
هَلْ لَكَ فِی الفِنْجَانِ مِنَ القَهْوَةِ ۔	کیا تمہاری پیالی میں قہوہ ہے ؟	بالمنونیّۃ
اَمَا تَوَجَّهْتَ اِلَی الآن ؟	,, تم اب تک نہیں گئے ؟	هَا اَنَا ذَاهِب +

کَیْفَ ۔ لِمَ ۔ مَتیٰ کا استعمال

کَیْفَ اَنْتَ ؟	تم کیسے ہو ؟	بِخَیْرٍ
اَلآن کَیْفَ هُوَ ؟	وہ اب کیسا ہے ؟	هُوَ فِی حالۃٍ جیدۃ
لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ؟	جو کام تم نہیں کرتے وہ کیوں کہتے ہو ؟	من سوء الحظ
لِمَ سَافَرْتَ اِلیٰ سِیْلَان ؟	تم نے سیلون کا سفر کیوں کیا ؟	لِتَبْدِیْلِ الهَوَاءِ
(اِلیٰ) مَتیٰ تَجْلِسُ هُنَالِكَ +	تم وہاں کبتک بیٹھو گے ؟	اجلس ساعتین
مَتیٰ نَتَشَرَّفُ بِزِیَارَتِکُمْ ؟	ہم آپکی زیارت سے کب مشرف ہونگے۔	بکرۃ

سبق نمبر ۳۲

اَیْنَ اور اَیٌّ کا استعمال

مفردات :- مِلعقةٌ (چمچہ) شُوكةٌ (کانٹا) سِكّينٌ (چھری) +

أَيْنَ أنتَ ؟	تم کہاں ہو ؟	هَا أنَا موجودٌ +
أَيْنَ هُوَ ؟	وہ کہاں ہے ؟	هُوَ فِي المَدرسةِ +
أَيْنَ بيتُ محمودٍ ۔	محمود کا گھر کہاں ہے ؟	بيتُهُ فِي حيدرآباد +
أَيْنَ راحَ خادمُكم ۔	تمہارا نوکر کہاں گیا ہے ؟	راحَ الى البوسطةِ +
أَيْنَ يسكنُ الحسنُ وأخوهُ	حسن اور اسکا بھائی کہاں رہتے ہیں	عِندَ أُختِهِمَا +
مِنْ أَيْنَ لَكَ هذهِ الملاعق ؟	یہ چمچے تمہیں کہاں سے ملے ہیں ؟	أعطتنِي أُمّي +
مِنْ أَيْنَ وجدتَ الشّوكةَ	یہ کانٹا تم نے کہاں سے لیا ہے ؟	مِنْ أخِي +
أَيْنَ مضيتُم فصلَ الصّيفِ ؟	تم نے موسم گرما کہاں گزارا ؟	مضينا فِي باريز +

أيُّ شجرةٍ هذهِ ؟	یہ کونسا درخت ہے ؟	هذهِ شجرةُ الموزِ +
أيَّ كتابٍ تقرأُ ؟	تم کونسی کتاب پڑھتے ہو ؟	أقرأُ المتنبّي +
مِنْ أيِّ شيءٍ يضحكُ ؟	وہ کس بات پر ہنس رہا ہے ؟	يضحكُ بلا سببٍ +
عَنْ أيِّ شيءٍ تبحثونَ ؟	تم کس بات پر بحث کر رہے ہو ؟	نبحثُ فِي مسئلةٍ أدبيّةٍ +
فِي أيِّ أوضةٍ نتعشّى ؟	ہم کس کمرے میں کھانا کھائیں ؟	الأوضةُ الّتي تجاهَ البابِ +
لأيّهم هذهِ السّكاكين ؟	یہ چھریاں انمیں سے کسکی ہیں ؟	بصاحبي +
أيّهما أعطيكَ ؟	ان دونوں میں سے کونسا تمہیں دوں ؟	الّذي يُعجبُكَ +
أيُّ النّهرينِ أكبرُ النّيلُ أو الفراتُ ؟	نیل اور فرات میں سے کونسا دریا بڑا ہے ؟	النّيلُ أكبرُ مِن فراتُ +

سبق نمبر ٣٣

كَمْ کا استعمال

مفردات :- رَطْلٌ (آدھ سیر) بِرْمَاذٌ (چوکھٹا) جُنَيْهٌ (پونڈ) ابنُ ثلاثينَ (تیس برس کا)

كَمْ هُوَ هذا ؟	یہ کسقدر ہے ؟	أظنّهُ رطلينِ +
كَمْ ثمنُهُ (بكم هذا) ؟	اسکی کیا قیمت ہے ؟	ثمنُهُ ثلاثةُ قروشٍ +

سوال	ترجمہ	جواب
كَمْ عِنْدَكَ مِنَ الدَّرَاهِمِ ؟	تمہارے پاس کتنے درہم ہیں؟	عِنْدِی اَرْبَعَةُ دَرَاهِمَ +
كَمْ عَلَيَّ لَكُمْ (اَنَا مَدْيُوْنٌ) ؟	میرے ذمے تمہارا کیا نکلتا ہے؟	لِی عِنْدَكَ خَمْسُ جُنَيْهَاتٍ +
كَمْ هِيَ السَّاعَةُ ؟ / كَمِ السَّاعَةُ مَضَتْ مِنَ النَّهَارِ	گھڑی میں کیا وقت ہے؟ / کتنا دن چڑھا ہے؟	سِتُّ سَاعَاتٍ +
كَمْ بَقِيتُمْ فِي اِسْتَنْبُوْلَ ؟	تم استنبول میں کتنی مدت رہے؟	ثَمَانِيَةَ اَشْهُرٍ +
كَمْ مِنَ الشَّهْرِ الْجَارِي ؟	اس مہینے کی کونسی تاریخ ہے؟	اَلتَّاسِعُ +
كَمْ مِنَ الْمَعَابِدِ فِي مَدِيْنَتِكُمْ ؟	تمہارے شہر میں کتنی عبادت گاہیں ہیں؟	عَشَرَةُ مَعَابِدَ +
بِكَمْ اَخَذْتَ الْبُرْمَازَ ؟	تم نے چوکھٹا کتنے کو لیا؟	اَخَذْتُهُ بِاثْنَيْ عَشَرَ قِرْشًا
بِكَمْ يُسَاوِي فِي رَأْيِكُمْ هٰذَا ؟	تمہاری رائے میں یہ کتنے کا ہے؟	يُسَاوِي اَحَدَ عَشَرَ دِرْهَمًا +
كَمْ عُمْرُكَ ؟ / كَمْ لَكَ مِنَ الْعُمْرِ ؟	تمہاری عمر کتنی ہے؟	عُمْرِي خَمْسُوْنَ سَنَةً + يَصِيْرُ عُمْرِي خَمْسُوْنَ سَنَةً فِي الشَّهْرِ الْاٰتِي +
كَمْ عُمْرُ اِبْنِكَ الْاَكْبَرِ ؟	تمہارے بڑے بیٹے کی عمر کتنی ہے؟	عُمْرُهُ عِشْرُوْنَ سَنَةً
كَمْ لِاَخِيْكَ الْاَصْغَرِ مِنَ الْعُمْرِ ؟	تمہارے چھوٹے بھائی کی عمر کیا ہے؟	لَهُ مِنَ الْعُمْرِ ثَلٰثُوْنَ سَنَةً
كَمْ تَظُنُّ عُمْرِي ؟	تم میری عمر کتنی سمجھتے ہو؟	اَظُنُّ اَنَّكَ ابْنُ ثَلٰثِيْنَ +

سبق نمبر ۳۴

مَن اور مَا کا استعمال

لغات: فَاكِهَانِيٌّ (میوہ فروش)، بُرْتُقَانٌ (سنگترہ)، شَحَّاذٌ (گداگر)، سَفَرْجَلٌ (بہی)، خَوْخٌ (آڑو)، شَفِيْقٌ (بھائی)، مِقَصٌّ (قینچی)، مَوْزٌ (کیلا) +

سوال	ترجمہ	جواب
مَنْ هٰذَا ؟	یہ کون ہے؟	هُوَ الْفَاكِهَانِي +
مَنْ اَنْتَ ؟	تو کون ہے؟	اَنَا خَادِمُكُمْ +
مَنْ فِي الْمَطْبَخِ ؟	باورچیخانہ میں کون ہے؟	اِبْنَةُ عَمِّي +
مَنْ يَطْرُقُ الْبَابَ ؟	دروازہ کون کھٹکھٹاتا ہے؟	شَحَّاذٌ مَا +

دَوَاتِي عِنْدَ مَنْ؟ — میری دوات کس کے پاس ہے؟ — عِنْدَ مَحْمُودٍ +

مَنِ الَّذِي دَعَاكَ؟ — تمہیں کس نے بلایا ہے؟ — دَعَانِي أُمِّي +

مَنْ أَعْطَاكُمُ السَّفَرْجَلَ؟ — تمہیں بہی کس نے دی ہے؟ — أَعْطَانِي شَقِيقِي +

لِمَنْ هٰذَا الْبُرْتُقَانُ؟ — یہ سنگترہ کس کا ہے؟ — لِأَحَدِ أَصْحَابِي +

مَا عِنْدَهُ؟ — اس کے پاس کیا ہے؟ — عِنْدَهُ خَوْخٌ +

مَا فِي يَدِكَ؟ — تمہارے ہاتھ میں کیا ہے؟ — بِيَدِي عَصًا +

مَا اسْمُ هٰذَا الرَّجُلِ؟ — اس شخص کا کیا نام ہے؟ — اِسْمُهُ خَالِدٌ +

هٰذَا مَا يُسَمُّونَهُ؟ — اسکو کیا کہتے ہیں؟ — يُسَمُّونَهُ مِقَصًّا +

مَا هُوَ عُمْرُ بِنْتِكُمْ؟ — تمہاری لڑکی کی کیا عمر ہے؟ — عُمْرُهَا خَمْسُ سِنِينَ +

مَا الْفَائِدَةُ مِنْ هٰذَا؟ — اس سے کیا فائدہ ہے؟ — يُسْتَعْمَلُ فِي التَّجْلِيدِ[1] +

مَا ثَمَنُ هٰذَا الْمَوْزِ؟ — اس کیلے کی کیا قیمت ہے؟ — ثَمَنُهُ فَلْسٌ وَاحِدٌ +

مَا لِي أَرَاكَ سَاكِتًا؟ — کیا سبب ہے کہ میں تمہیں خاموش دیکھتا ہوں — كَثْرَةُ الْهُمُومِ +

ہدایتیں:- مَا کے ساتھ ذا کا لفظ بھی مستعمل ہوتا ہے جیسے مَاذَا عِنْدَكَ۔ مَاذَا قُلْتَ وغیرہ

سبق نمبر (۳۵)

موسم

مفردات: تَغَيُّمٌ (بادل ہونا) جَوٌّ (خلا۔ ہوا) أَشِعَّةٌ (جمع شعاع کرن) ظِلٌّ (سایہ) طَقْسٌ (موسم) اِرْتِعَادٌ (کانپنا) هُبُوبٌ (ہوا کا چلنا) خَرِيفٌ (خزاں) رَبِيعٌ (بہار)

اِغْبَرَّ الْأُفُقُ + — آسمان کا کنارہ گرد آلود ہوگیا +

اِشْتَدَّ الْحَرُّ + — گرمی تیز ہوگئی +

سَكَنَتِ الرِّيحُ + — ہوا تھم گئی +

تَغَيَّمَتِ السَّمَاءُ + — آسمان بادل سے گھر گیا +

[1] جلد بندی

صَارَ الْجَوُّ صَافِيًا +	ہوا صاف ہو گئی +
أَشِعَّةُ الشَّمْسِ مُحْرِقَةٌ +	سورج کی کرنیں جلا رہی ہیں +
دَعْنَا نَجْلِسْ فِي الظِّلِّ +	ہمیں سایہ میں بیٹھنے دو +
صَارَ الطَّقْسُ رَدِيئًا +	موسم خراب ہو گیا +
أَشْعُرُ بِنَسِيمٍ بَارِدٍ +	میں ٹھنڈی ہوا محسوس کرتا ہوں +
يَكُونُ نَهَارُنَا جَمِيلًا +	ہمارا دن اچھا ہو گا +
إِنِّي أَرْتَعِدُ مِنَ الْبَرْدِ +	میں سردی سے کانپ رہا ہوں +
طَلَعَتِ الشَّمْسُ صَبَاحًا +	سورج صبح نکلا +
تَهُبُّ الرِّيحُ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ +	ہر طرف سے تیز ہوا چل رہی ہے +
نَحْنُ فِي آخِرِ الْخَرِيفِ +	ہم خزاں کے خاتمہ میں ہیں +
اِنْتَهَى زَمَانُ الصَّيْفِ +	گرمی کا موسم گزر گیا +
الرَّبِيعُ فَصْلُ الثِّمَارِ +	بہار، میووں کا موسم ہے +
الشِّتَاءُ أَبْرَدُ الْفُصُولِ كُلِّهَا +	سرما سب فصلوں سے زیادہ ٹھنڈا ہے +

سبق نمبر ۳۶

نوشت و خواند

لغات: اَلتَّسْمِيعُ (سنانا) اَلتَّكْرِيرُ (دہرانا) الابراء (قلم بنانا) اَلشَّطْبُ (قلم زد کرنا) اَلْمِطْوَةُ (چاقو) قَلَمُ الرَّصَاصِ (پنسل) اَلرِّيشَةُ (انگریزی قلم) اَلْإِمْلَاءُ (لکھوانا) اَلنَّسْخُ (نقل کرنا) اَلْخَطُّ (ڈالنا) اَلدَّفْتَرُ (کاپی) +

سَمِّعُونِي دَرْسَكُمْ +	مجھے اپنا سبق سناؤ +
كَرِّرْهُ ثَانِيًا +	اس کو دہراؤ +
فَسِّرْ مَعْنَاهُ +	اس کے معنے بیان کرو +
لَا تَجْهَرْ بِالصَّوْتِ +	پکار کر نہ بولو +
اِبْرِ قَلَمِي +	میرا قلم بناؤ +
أَعْطِنِي مِطْوَتَكَ +	مجھے اپنا چاقو دو +

عربی	اردو
إِنِّی أَکْتُبُ بِالرِّیْشَةِ +	میں انگریزی قلم سے لکھتا ہوں +
أَنَا أُمْلِی عَلَیْکَ +	میں تم کو لکھواتا ہوں +
هُوَ یَنْسَخُ کِتَابِی +	وہ میری کتاب کی نقل کر رہا ہے +
أُشْطُبْ عَلٰی هٰذَا السَّطْرِ +	اس سطر کو قلمزد کردو +
أَعِرْنِی قَلَمَكَ الرَّصَاصِیَّ +	مجھے اپنی پنسل مستعار دو +
هٰذَا الْمِدَادُ لَا یَجْرِی بِسُهُوْلَةٍ +	یہ سیاہی اچھی طرح نہیں چلتی +
حُطَّ فِیْهِ مَاءً قَلِیْلًا +	اس میں تھوڑا پانی ڈالو +
هٰذِهٖ نُسْخَةُ صُوْرَةِ الْفَرْمَانِ +	یہ فرمان کی نقل ہے +
ضَیَّعْتُ دَفْتَرِی +	میں نے اپنی کاپی کھودی +

سبق نمبر (۳۷)

حرکت وسکون

لغات: اَلْاِقْتِرَابُ (نزدیک ہونا) اَلْاِبْتِعَادُ (دور ہونا) اَلتَّنَحِّی (ایک طرف ہونا) اَلتَّفَسُّحُ (کشادہ ہونا) اَلتَّوَکُّؤُ (سہارا لگانا) اَلنَّوْمُ (سونا) اَلسَّهَرُ (جاگنا) اَلْاِنْتِبَاهُ (بیدار ہونا) اَلْاِسْتِیْقَاظُ (جاگنا) اَلْاِیْقَاظُ (جگانا) اَلْجَنْبُ (پہلو) +

عربی	اردو
قُمْ یَا أَخِی +	بھائی اُٹھو +
اُقْعُدْ هَادِئًا +	آرام سے بیٹھو +
اِجْلِسْ فِی جَنْبِی +	میرے پاس بیٹھو +
اِقْتَرِبْ إِلَیَّ. تَقَرَّبْ إِلَیَّ +	میرے نزدیک آجا +
اِبْتَعِدْ عَنِّی. تَبَعَّدْ عَنِّی +	میرے پاس سے دور ہوجا +
اِلْزَمْ مَکَانَكَ +	اپنی جگہ بیٹھے رہو +
لَا تُفَارِقْ هٰذَا الْمَحَلَّ	یہ جگہ مت چھوڑو +
اِذْهَبْ حَیْثُ شِئْتَ +	جہاں جی چاہے چلے جاؤ +
تَنَحَّ عَنِ الطَّرِیْقِ +	راستے سے ایک طرف ہوجاؤ +
تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجَالِسِ +	مجلسوں میں کھل کر بیٹھو +

اردو	عربی
میز پر سہارا مت لگاؤ +	لَا تَتَوَكَّؤْا عَلَى الطَّاوِلَةِ +
وہ عشاء کے بعد سوتا ہے +	هُوَ يَنَامُ بَعْدَ الْعِشَاءِ +
میں ساری رات جاگتا رہا +	سَهِرْتُ اللَّيْلَ كُلَّهٗ +
وہ سویرے جاگتی ہے +	هِيَ تَسْتَيْقِظُ مُبَكِّرًا +
تم سورج نکلنے کے بعد بیدار ہوتے ہو +	اَنْتَ تَنْتَبِهُ بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ +
میں نے اسے سات بجے جگایا +	اَيْقَظْتُهٗ فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ +

سبق نمبر ۳۸

آمد و رفت

مفردات :- هُنَا (یہاں)، هُنَاكَ (وہاں)، مِنْ اَيْنَ (کہاں سے)، اِلٰى اَيْنَ (کدھر) الرَّوَاح (جانا)، اَلْعَوْدُ (واپس آنا)، اَلتَّوَجُّهُ (جانا)، اَلتَّوْجِيْهُ (بھیجنا)، الرُّكُوْبُ (سوار ہونا)، اَلْمَشْيُ (پیدل چلنا)، اَلتَّرَدُّدُ (آمد و رفت کرنا)، اَلْاِيْصَالُ (پہنچانا) +

اردو	عربی
یہاں آؤ +	تَعَالِ هُنَا +
وہاں جاؤ +	اِذْهَبْ هُنَاكَ +
تم کہاں سے آتے ہو؟	مِنْ اَيْنَ اَنْتَ آتٍ +
تم کدھر جاتے ہو۔؟	اِلٰى اَيْنَ اَنْتَ ذَاهِبٌ +
اسکو ہمارے پاس لاؤ۔	اِيْتِ بِهٖ عِنْدَنَا +
تم ہماری دوکان پر کیوں نہیں آتے ؟	لِمَ لَا تَجِيْءُ اِلٰى مَحَلِّنَا ؟
تم میرے پاس آؤگے یا میں تمہارے پاس آؤں	اَتَاْتِيْنِيْ اَمْ اَنَا اٰتِيْكَ ؟
میں اسکے پاس عصر کے بعد جاؤنگا +	اَرُوْحُ اِلَيْهِ بَعْدَ الْعَصْرِ +
میں نے اسکو شہر کی طرف نہیں بھیجا +	مَا وَجَّهْتُهٗ اِلَى الْمَدِيْنَةِ +
وہ غالباً آدھ گھنٹہ کے بعد واپس آئیگا +	يَعُوْدُ عَلَى الْاَرْجَحِ بَعْدَ نِصْفِ سَاعَةٍ +
میں اسکے پاس پچھلے دنوں آیا جایا کرتا تھا +	كُنْتُ اَتَرَدَّدُ اِلَيْهِ فِي الْاَيَّامِ الْمَاضِيَةِ +
وزیر نے چاہا کہ ہمارے ملک کو جائے +	اَرَادَ الْوَزِيْرُ اَنْ يَتَوَجَّهَ اِلٰى بِلَادِنَا +
میں شہر سے سوار ہوکر باہر نکلا +	خَرَجْتُ رَاكِبًا مِنَ الْمَدِيْنَةِ +
میں پاپیادہ باغ کو واپس گیا +	رَجَعْتُ مَاشِيًا اِلَى الْحَدِيْقَةِ +

أَنَا أُوصِلُكُمْ إِلَى دَارِ التُّحَفِ +	میں تمہیں عجائب خانہ تک پہنچا دوں گا +

سبق نمبر ۳۹

اوقات

مفردات :- صَبَاحٌ (فجر) ظُهْرٌ (دوپہر) مَسَاءٌ (شام) مَطَرٌ (بارش) سَقَّاءٌ (بہشتی) لَيْلَةٌ مُقْمِرَةٌ (چاندنی رات) قَبْلَ الْأَمْسِ (پرسوں گذشتہ) بَعْدَ الْغَدِ (پرسوں آئندہ) سَبْتٌ (شنبہ) أُسْبُوعٌ (ہفتہ) شَهْرٌ (مہینہ) سَنَةٌ (برس) +

أَتَى إِلَيْنَا صَبَاحًا +	وہ ہمارے پاس صبح آیا +
مَا رَأَيْتُهُ وَقْتَ الظُّهْرِ +	میں نے اسکو ظہر کے وقت نہیں دیکھا +
يَنْزِلُ الْمَطَرُ هٰذَا الْمَسَاءَ +	آج شام کو بارش ہوگی +
قَبْلَ الْأَمْسِ كَانَ هُنَا +	وہ پرسوں اس جگہ تھا +
أَنَا وَصَاحِبِي نُسَافِرُ بَعْدَ الْغَدِ +	میں اور میرا دوست پرسوں سفر کرینگے +
هٰذِهِ اللَّيْلَةَ تَكُونُ مُقْمِرَةً +	آج کی رات چاندنی ہوگی +
جَاءَ السَّقَّاءُ عَلَى عَادَتِهِ الْيَوْمَ +	سقا حسب معمول آج آیا +
هُوَ لَا يَأْتِي هُنَا إِلَّا فِي يَوْمِ السَّبْتِ +	وہ اسجگہ شنبہ کے سوا نہیں آسکتا +
أَتَأْتِينِي يَوْمَ الْأَحَدِ فِي الدِّيوَانِ +	کیا تم اتوار کے دن میرے پاس دفتر میں آوگے +
قَدِمْتُ مِنْ سَفَرِي هٰذَا الْيَوْمَ الْاِثْنَيْنِ	میں اپنے سفر سے دوشنبہ کو واپس آیا ہوں +
	. . . .
لَعَلَّهُ يَرْجِعُ يَوْمَ الْخَمِيسِ الْقَادِمِ +	غالباً وہ پنجشنبہ آئندہ کو واپس آئیگا ۔
أُحِبُّ أَنْ أُلَاقِيَهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ +	میں اس سے جمعہ کو ملنا چاہتا ہوں +
لَاقَيْتُهُ فِي الْأُسْبُوعِ الْمَاضِي +	میں اس سے گذشتہ ہفتہ میں ملا +
سَافَرَ الرَّجُلُ عَلَى الْمَشْيِ شَهْرًا كَامِلًا +	وہ پورے ایک مہینہ تک پیدل چلتا رہا ۔
	. . . .
تَمْضِي لَهُ فِي الْمِحَنِ الْحَنَانَةِ ثَلٰثُونَ سَنَةً +	اس کے تیس برس اس مصیبت میں گزر گئے +
	. . . .

سبق نمبر ۴۰

خورد و نوش

مفردات:۔ خُبْزٌ بَلَدِیٌّ (دیسی روٹی)، خُبْزٌ اِفرنجِیٌّ (ڈبل روٹی)، طَرِیٌّ (تازہ) فُطُور (حاضری)، غَدَاءٌ (دوپہر کا کھانا)، عَشَاءٌ (شب کا کھانا)، سِیجَارَۃٌ (سگریٹ) قَہْوَۃٌ (کافی)، اُرُزٌ (چاول)، شَائی (چائے)، بَطَاطَۃٌ (آلو) اِدَامٌ (سالن) نَاضِجٌ (پختہ)

اِنِّی عَطْشَانُ جِدًّا +	میں بہت پیاسا ہوں +
اُسْکُبْ لِی کُبَّایَۃَ مَاءٍ بَارِدٍ +	میرے واسطے ٹھنڈے پانی کا گلاس بھر دو +
ھَاتِ الطعامَ فَانِّی جُعْتُ کَثِیْرًا +	مجھے بھوک لگ رہی ہے کھانا لاؤ +
ھٰذَا خُبْزٌ بَلَدِیٌّ وَاَنَا اُحِبُّ الافرنجی +	یہ دیسی روٹی ہے اور میں ڈبل روٹی چاہتا ہوں +
لَا تَشْرَبُوا لَبَنًا بَائِتًا فَاِنَّہٗ یَضُرُّ الصِّحَّۃَ +	باسی دودھ مت پیو کہ صحت کو مضر ہے +
فَطَرْنَا الْیَوْمَ عِنْدَ صَاحِبٍ لَنَا +	ہم نے آج ایک دوست کے ہاں حاضری
اُقَدِّمُ لَکُمْ لَحْمًا مَشْوِیًّا فِی الْعِشَاءِ +	میں رات کو بھنا ہوا گوشت تمہارے لئے پیش کرونگا +
لَعَلَّہٗ یُحِبُّ الْفَوَاکِہَ الطَّرِیَّۃَ +	غالباً اسے تازہ میوے پسند ہیں +
ھٰذَا التُّفَّاحُ غَیْرُ نَاضِجٍ +	یہ سیب پختہ نہیں +
اَخِی اَتَانِی بِالسِّیجَارَۃِ النَّظِیْفَۃِ +	میرا بھائی میرے واسطے عمدہ سگریٹ لایا +
ذَاکَ الْاُرُزُّ غَیْرُ مُشْوِیٍّ +	وہ چاول کچے ہیں +
ھُوَ یُفَضِّلُ الْقَہْوَۃَ عَلَی الشَّائی +	وہ کافی پر چائے کو ترجیح دیتا ہے +
کُلْ مَا شِئْتَ مِنَ الْاُرُزِّ وَالْبَطَاطَۃِ +	چاول اور آلو میں سے جس چیز کو تمہارا دل چاہے کھاؤ
خَادِمِی یَطْبَخُ اِدَامًا جَیِّدًا +	میرا نوکر سالن عمدہ پکاتا ہے +
تَغَدَّیْتُ مُبَکِّرًا +	میں نے دوپہر کا کھانا سویرے کھایا +

سبق نمبر ۴۱

لباس

مفردات:۔ عَبَاءٌ (ایک قسم کا جبہ)، فُرْشَۃٌ (برش)، مِکْوَاۃٌ (استری)، حِزَامٌ (پیٹی)

سَرَاوِيلُ (پائجامہ) بُقْعَةٌ (دھبہ) يَاقَةٌ (کالر) قَصَّارٌ (دھوبی) صِوَانٌ (بقچہ) زِرٌّ (بٹن) سِتْرَةٌ (کوٹ) حِذَاءٌ (جوتا) كُمٌّ (آستین) +

تَغَبَّرَتِ الْعَبَاءُ۔	عبا گرد آلود ہوگئی
اِمْسَحْهَا بِالْفُرْشَةِ۔	اس کو برش سے صاف کرو
هُوَ يَكْوِي طَرْبُوشَكُمْ۔	وہ تمہاری ٹوپی کو استری کر رہا ہے
اُرِيدُ الْحَزْمَ بِحِزَامٍ اُدُمِيٍّ۔	میں چمڑے کی پیٹی پہننا چاہتا ہوں
رَقِّعِ السَّرَاوِيلَ۔	پائجامے کو پیوند لگادو
لَيْسَ عِنْدَهُ اِبْرَةٌ وَلَا خَيْطٌ۔	اس کے پاس نہ سوئی ہے اور نہ تاگا
مِنْ اَيْنَ هٰذِهِ الْبُقْعَةُ عَلَى الْيَاقَةِ +	یہ دھبہ کالر پر کیسے پڑا؟
مَا غَسَلَهَا الْقَصَّارُ جَيِّدًا +	دھوبی نے اسکو اچھی طرح نہیں دھویا
لِمَ لَا تَنْزِعُ ثِيَابَكَ الْوَسِخَةَ؟	تم اپنے میلے کپڑے کیوں نہیں اتارتے؟
هَاتِ الصِّوَانَ لِاُغَيِّرَ الْمَلَابِسَ	بقچہ لاؤ تاکہ میں کپڑے بدلوں
اَزْرِرِ الْقَمِيصَ مِنْ فَضْلِكَ۔	مہربانی سے قمیص کے بٹن لگادو
مَا صَلَحَ الْخَيَّاطُ اَكْمَامَ السِّتْرَةِ	درزی نے کوٹ کی آستینیں درست نہیں کیں۔
هٰذِهِ الْعِمَامَةُ اَصْبَحَتْ عَتِيقَةً	یہ پگڑی پرانی ہوگئی ہے۔
اَلْبَسُ الْيَوْمَ الْحِذَاءَ الْجَدِيدَةَ	میں آج نئی جوتی پہنونگا۔
لَا تَخْلَعِ الْجَزْمَةَ فِي هٰذَا الْبَرْدِ	تم اس سردی میں بوٹ مت اتارو

سبق نمبر ۴۲

ضروریات مکان

مفردات:۔ زُقَاقٌ (کوچہ) قَاعَةٌ (صحن) بَلَاطٌ (پتھر کا چوکہ) حَائِطٌ (دیوار) مِرْآةٌ (آئینہ) غُرْفَةٌ (بالاخانہ) قِنْدِيلٌ (لالٹین) سَرِيرٌ (پلنگ) فِرَاشٌ (بچھونا) فَسْقِيَّةٌ (حوض) مُثَمَّنٌ (ہشت پہلو) +

وَجَدْنَا بَيْتًا كَبِيرًا فِي آخِرِ الزُّقَاقِ۔	ہم نے ایک بڑا گھر کوچہ کے خاتمے پر پایا۔

لما رأى البابَ مفتوحًا دخل قليلًا قليلًا ۔	جب اس نے دروازہ کھلا دیکھا تو آہستہ آہستہ اندر آیا +
جاءَ السَّقّا ورشّ القاعةَ ۔	بہشتی آیا اور صحن میں چھڑکاؤ کیا +
كنس الخادمُ ونصبَ فيه الكراسيّ ۔	نوکر نے جھاڑو دی اور صحن میں کرسیاں بچھائیں ۔
فرشُ بيتهٖ مبلّطٌ بالبلاطِ ۔	اسکے گھر کا فرش پتھروں کے چوکوں سے بنا ہوا ہے ۔
وسقفُهٗ مزيّنٌ بانواعِ النقوشِ ۔	اور اسکی چھت کئی قسم کے نقوش سے آراستہ ہے ۔
ما رأيتُ حيطانًا احسنَ منها ۔	میں نے اس سے بہتر دیواریں نہیں دیکھیں ۔
سقطتِ المرآةُ من الشبّاكِ وانكسرت +	آئینہ کھڑکی سے گرا اور ٹوٹ گیا ۔
اِذا خرجتَ لحاجةٍ اَغلق البابَ ۔	جب کسی کام کیواسطے باہر جاؤ تو دروازہ بند کرو ۔
لا تنزلوا من هٰذه الغرفةِ قبلَ الصباحِ +	اس بالاخانہ سے صبح سے پیشتر مت اترو ۔
لا تصعدوا على هٰذه السلّمِ بعدَ الاكلِ +	کھانے کے بعد اس سیڑھی پر مت چڑھو ۔
لا توقدوا القناديلَ اِلّا عند غروبِ الشمسِ +	سورج غروب ہونے سے پہلے لالٹین مت روشن کرو +
اَمرتُهٗ بوضعِ السريرِ وبسطِ الفراشِ عليهِ +	میں نے اس کو پلنگ ڈالنے اور اس پر بچھونا کرنے کا حکم دیا ۔
اَطفأنا القنديلَ حينَ غلبَ علينا النومُ +	ہم نے لالٹین کو گل کر دیا جب کہ ہم پر نیند غالب ہوئی +
اِستحممنا في هٰذه الفسقيةِ المثمّنةِ +	ہم نے اس ہشت پہلو حوض میں غسل کیا +

سبق نمبر ۴۳

اعضائے انسانی

مفردات :- رأسٌ (سر)، شعرٌ (بال)، جمجمةٌ (کھوپڑی)، ساعدٌ (کلائی)،

لِسَانٌ (زبان)، وَجْهٌ (چہرہ)، عَيْنٌ (آنکھ)، حَاجِبٌ (بھوں)، خَدٌّ (رخسارہ)، عُنُقٌ (گردن)، لِحْيَةٌ (داڑھی)، قَلْبٌ (دل)، فَمٌ (منہ)، بَطْنٌ (پیٹ)، صَدْرٌ (چھاتی) +

هُوَ رَأَى دِينَارَيْنِ تَحْتَ رَأْسِهِ +
اس نے اپنے سر کے نیچے دو دینار دیکھے +

لَقَدْ طَالَ شَعْرِي كَثِيرًا +
میرے بال بہت بڑھ گئے +

اِنْشَقَّتْ جُمْجُمَةُ رَأْسِهِ +
اسکی کھوپڑی پھٹ گئی +

سَوَاعِدُهَا نَاعِمَةٌ +
اسکی کلائیاں نازک ہیں۔

لِسَانُ الْعَاقِلِ فِي فَمِهِ +
عقلمند کی زبان اس کے منہ کے اندر رہتی ہے +

رَأَيْتُ فِي وَجْهِهِ انْتِفَاخًا +
میں نے اس کے چہرے پر ورم پایا +

بَعْدَ الْامْتِحَانِ يَعْظُمُ قَدْرُهُ فِي عَيْنِكَ +
امتحان کے بعد اس کی قدر تمہاری آنکھ میں بڑھیگی

يُرَى أَثَرٌ عَلَى حَاجِبِهِ الْأَيْمَنِ +
اسکی دائیں بھوں پر نشان دکھائی دیتا ہے۔

اِحْمَرَّتْ خُدُودُهُ مِنْ شِدَّةِ الْغَيْظِ +
اُسکے رخسارے غصے کی شدت سے سرخ ہوگئے

أَحْضَرَهُ السُّلْطَانُ وَأَمَرَ بِضَرْبِ عُنُقِهِ +
بادشاہ نے اسکو بلایا اور گردن مارنے کا حکم دیا +

قَدْ نَزَلَتْ لِحْيَتُهُ عَلَى صَدْرِهِ +
اسکی داڑھی اس کے سینہ تک پہنچی ہوئی ہے۔

دَخَلَ حُبُّ الْإِيمَانِ فِي قَلْبِهِ +
ایمان کی محبت اس کے دل میں داخل ہوگئی۔

سبق نمبر ۴۴

رشتے اور ناتے

مفردات:- خَالَةٌ (خالہ)، عَمَّةٌ (پھوپھی)، اِبْنُ الْأَخِ (بھتیجا)، اِبْنُ الْأُخْتِ (بھانجا)، عَرِيسٌ (دولہا)، عَائِلَةٌ (قبیلہ)، بَارِيز (پیرس)، جُنَيْنَةٌ (باغ)، فَرَنْسَاوِيٌّ (فرانسیسی)، عَرُوسٌ (دلہن) +

أَنْتَ وَمَالُكَ لِأَبِيكَ +
تم اور تمہارا مال تمہارے باپ کی ملک ہے +

هُوَ قَاعِدٌ عِنْدَ أُمِّهِ +
وہ اپنی ماں کے پاس بیٹھا ہے +

اِبْنِي تَرَبَّى فِي بَارِيز +
میرے بیٹے نے پیرس میں تربیت پائی +

أَنَا وَأَخِي نَتَعَلَّمُ الْفَرَنْسَاوِيَّ +
میں اور میرا بھائی فرانسیسی زبان سیکھتے ہیں +

هِيَ قَائِمَةٌ فِي اُوضَةِ اُخْتِهَا +

تَلْعَبُ بِنْتُكَ فِي الْجُنَيْنَةِ +

هٰذَا اَكْبَرُ مِنْ خَالِهِ +

تِلْكَ اَصْغَرُ مِنْ عَمَّتِهَا +

اِبْنُ اَخِي يُطَالِعُ الْكِتَابَ +

اِبْنُ اُخْتِي يَحْفَظُ دَرْسَهُ +

اَهْدَى الْعَرِيسُ مَلَابِسَ فَاخِرَةً اِلَى عَرُوسِهِ +

اَبِي لَا يَمْدَحُ هٰذَا الصَّبِيَّ وَلَا هٰذِهِ الصَّبِيَّةَ +

ذٰلِكَ الرَّجُلُ جَدِّي وَهٰذِهِ الْمَرْاَةُ جَدَّتِي +

اَلْاُمَّهَاتُ تُدَبِّرَاتُ الْمَنَازِلِ وَهُنَّ نِظَامُ الْعَائِلَاتِ +

وہ اپنی بہن کے کمرے میں کھڑی ہے +

تمہاری بیٹی باغ میں کھیلتی ہے +

یہ اپنے ماموں سے بڑا ہے +

وہ اپنی پھوپھی سے چھوٹی ہے +

میرا بھتیجا کتاب کا مطالعہ کرتا ہے +

میرا بھانجا اپنا سبق یاد کرتا ہے +

دولہا نے قیمتی کپڑے دلہن کو تحفہ دیئے +

میرا باپ نہ اُس لڑکے کی تعریف کرتا ہے نہ اس لڑکی کی +

وہ شخص میرا دادا اور یہ عورت میری دادی ہے +

مائیں گھروں میں انتظام کرتی ہیں اور کنبے کا بندوبست انکے متعلق ہوتا ہے

سبق نمبر ۴۵

حیوانات

مفردات :- بَقَرَةٌ (گائے)، ثَوْرٌ (بیل)، ضَانٌ (بھیڑ)، كَبْشٌ (مینڈھا)، كَلْبٌ (کتا)، سِنَّوْرٌ (بلی)، فَرَسٌ (گھوڑا)، حِمَارٌ (گدھا)، بَغْلَةٌ (خچر)، اَسَدٌ (شیر) جَمَلٌ (اونٹ)، فِيلٌ (ہاتھی) +

اَلْجَمَلُ يَحْمِلُ مَا لَا يَقْوَى غَيْرُهُ عَلَى حَمْلِهِ +

ضَرَبَهُ الْفَرَسُ بِحَوَافِرِهِ +

اِكْتَرَيْتُ حِمَارًا لِنَفْسِي +

اِشْتَرَى رَجُلٌ بَغْلَةً فَارِهَةً +

اونٹ اسقدر بوجھ اٹھاتا ہے جسکو دوسرا حیوان نہیں اٹھا سکتا +

گھوڑے نے اسے اپنے سموں سے مارا +

میں نے ایک گدھا اپنے لئے کرایہ پر لیا +

ایک شخص نے ایک تیز رو خچر خریدا +

لَيْسَ عِنْدِي بَقَرَةٌ حَلُوبٌ +	میرے پاس دودھیل گائے نہیں +
بَعُوضَةٌ وَقَفَتْ عَلَى قَرْنِ ثَوْرٍ +	ایک مچھر بیل کے سینگ پر بیٹھا +
هٰذَا لَحْمُ ضَأْنٍ +	یہ بھیڑی کا گوشت ہے +
اِنَّ الْكَبْشَ يُطْلَبُ لِصُوفِهٖ +	مینڈھا اون کی خاطر لیا جاتا ہے +
كَلْبُ الرَّاعِي يَحْرُسُ غَنَمَهٗ +	چرواہے کا کتا اسکی بکریوں کی حفاظت کرتا ہے +
كَمَنَ السِّنَّوْرُ لِلْفَارِ وَانْقَضَّ عَلَيْهِ وَاَخَذَهٗ +	بلی نے چوہے پر گھات لگائی اور جھپٹ کر اسکو پکڑ لیا +
يُدَافِعُ الْفِيلُ عَنْ نَفْسِهٖ بِخُرْطُومِهٖ وَنَابَيْهِ +	ہاتھی سونڈ اور دونوں دانتوں سے اپنا بچاؤ کرتا ہے +
ضَرَبَ الْاَسَدُ بِمَخَالِبِهٖ فِي سَاقِ الذِّئْبِ +	شیر نے بھیڑیے کی پنڈلی پر پنجہ مارا +
لَيْسَ الْخِنْزِيرُ مِنَ الْاَنْعَامِ بَلْ هُوَ مِنَ السِّبَاعِ +	سور چوپایوں میں سے نہیں درندوں میں سے ہے +
غَزَالٌ عَطِشَ مَرَّةً وَاَتَى اِلٰى عَيْنِ مَاءٍ +	ہرن ایکدفعہ پیاسا ہوا اور پانی کے چشمہ پر آیا +
لَمَّا قَارَبَ السَّاحِلَ وَثَبَ الْقِرْدُ عَنْ ظَهْرِهٖ +	جب کنارے تک پہنچا تو بندر اس کی پیٹھ پر سے کود پڑا +
اَرْنَبٌ الْتَقَطَتْ تَمْرَةً +	خرگوش نے ایک کھجور اٹھائی +
اَتَى الثَّعْلَبُ وَوَقَفَ عَلٰى بَابِ الْمَغَارَةِ	لومڑی آئی اور غار کے دروازہ پر ٹھیر گئی +

سبق نمبر ۴۶

پرندے

مفردات:۔ عُصْفُورٌ (چڑیا) غُرَابٌ (کوا) دُجَاجَةٌ (مرغی) حَمَامٌ (کبوتر) دِيكٌ (مرغا) بَبْغَاءُ (طوطا) ذُبَابٌ (مکھی) جَرَادٌ (ٹڈی) سَمَكٌ (مچھلی) ضِفْدَعٌ (مینڈک) سُلَحْفَاةٌ (کچھوا) عَقْرَبٌ (بچھو) +

عَجِبَ الصَّيَّادُ مِنْ كَلَامِ الْعُصْفُورِ +	چڑیا کی بات پر شکاری متعجب ہوا +

غُرَابٌ كَانَ لَهُ وَكْرٌ فِي شَجَرَةٍ عَلٰى جَبَلٍ +

اَلْحَمَامَةُ تَزُقُّ فَرْخَهَا +

اَلدَّجَاجَةُ تَبِيضُ وَتَحْضُنُ +

وَدِيكَانِ كَانَا يَتَقَاتَلَانِ عَلٰى قَاذُورَةٍ +

اَلْبَبْغَاءُ يَسْمَعُ الْكَلَامَ وَيَحْفَظُهُ وَيُكَرِّرُهُ +

اَلطَّائِرُ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ +

كَانَ يَلْتَقِطُ الْحَبَّ بِمِنْقَارِهِ +

مَا الَّذِي حَمَلَكَ عَلٰى اَنْ وَطِئْتَ عُشِّي وَهَشَّمْتَ بَيْضَتِي +

صَبِيٌّ مَرَّةً كَانَ يَصِيدُ الْجَرَادَ +

قَدْ كَثُرَ الذُّبَابُ فِي هٰذِهِ الْاَيَّامِ +

يَهْلِكُ الدِّيدَانُ وَالْبَقُّ وَالْبَرَاغِيثُ مِنَ الْبَرْدِ +

لَدَغَتِ الْعَقْرَبُ خِنْصَرَهُ

اَلسَّمَكُ يَسْبَحُ فِي الْمَاءِ +

رَغِبَ مَلِكُ الضَّفَادِعِ عَلٰى رُكُوبِ الْاَسْوَدِ +

اَلسُّلَحْفَاةُ تَرْعٰى فِي الْبَرِّ وَتَعِيشُ فِي الْمَاءِ +

بَطَّةٌ رَأَتْ فِي الْمَاءِ ضَوْءَ كَوْكَبٍ +

اَلْاِوَزُّ وَالْخُطَّافُ تَشَارَكَا فِي الْمَعِيشَةِ +

ایک کوے کا گھونسلا پہاڑ کے ایک درخت پر تھا +

کبوتری اپنے بچوں کو بھراتی ہے +

مرغی انڈے دیتی اور سیتی ہے +

دو مرغے ایک کوڑے پر لڑتے تھے +

طوطا بات سنتا ہے اور اسکو یاد کرکے دہراتا ہے

. . . .

پرند اپنے دونوں بازوں سے اڑتا ہے +

وہ اپنی چونچ سے دانہ چنتا ہے +

تمہیں کس چیز نے میرے گھونسلے کے روندنے اور انڈوں کے توڑنے پر آمادہ کیا +

ایکدفعہ ایک لڑکا ٹڈی کا شکار کرتا تھا

مکھیاں ان دنوں میں زیادہ ہوگئی ہیں +

کیڑے اور مچھر اور پسو سردی سے مرجاتے ہیں +

بچھو نے اس کی چھنگلیا پر ڈنک مارا +

مچھلی پانی میں تیرتی ہے +

مینڈکوں کا بادشاہ سانپ کی سواری پر راغب ہوا +

کچھوا جنگل میں چرتا اور پانی میں زندگی بسر کرتا ہے +

ایک بطخ نے ستارہ کی روشنی پانی میں دیکھی +

راج ہنس اور ابابیل مل کر رہنے لگے +

سبق نمبر ۴۷

سلام علیکم کے متعلق

(الف)	اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ	تم پر سلامتی ہو +
(ب)	وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ	اور تم پر بھی سلامتی ہو +
(ب)	أَهْلًا وَسَهْلًا وَمَرْحَبًا	خوش آمدید۔ خیر مقدم +
(الف)	کَیْفَ مِزَاجُکُمْ؟	آپ کا مزاج کیسا ہے؟
(ب)	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَدْعُوْلَکُمْ +	خدا کا شکر ہے آپکے لئے دعا کرتا ہوں +
(الف)	صَبَّحَكَ اللّٰهُ بِالْخَیْرِ +	خدا تمہاری فجر خیریت سے کرے +
(ب) (۱)	أَسْعَدَ اللّٰهُ صَبَاحَکُمْ +	خدا " " نیک بنائے +
(الف) (۲)	مَسَّاكَ اللّٰهُ بِالْخَیْرِ +	" آپ کی شام خیریت سے کرے +
(ب)	أَسْعَدَ اللّٰهُ مَسَاءَکُمْ +	" " نیک کرے +
(الف) (۳)	نَهَارُکُمْ سَعِیْدٌ +	تمہارا دن اچھا ہو +
(ب)	نَهَارُکُمْ مُبَارَكٌ +	" بابرکت ہو +
(الف) (۴)	أَسْتَأْذِنُ حَضْرَتَکُمْ +	میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں +
(ب)	مَعَ السَّلَامَةِ +	فی امان اللہ! خدا حافظ +

تنبیہہ:۔ فقرات نمبر (۱) و (۲) و (۳) گڈ مارننگ، گڈ ایوننگ، اور گڈ ڈے کے ہم معنی ہیں اور فقرہ نمبر (۴) کا آخری حصہ گڈ بائے کے مترادف ہے +

سبق نمبر ۴۸

نوکر سے ملاقات کرنے کے متعلق

مفردات { قَرَعَ (کھٹ کھٹانا)، سَمَحَ (عطا کرنا)، مُقَابَلَةٌ (ملاقات)، بَعَثَةٌ (بھیجا) أَفَنْدِیْ (صاحب)، مَکْتَبَةٌ (جج کا دفتر)، سَیِّدٌ (آقا)، بَرٌّ (باہر) +

(آقا)	شَخْصٌ یَقْرَعُ الْبَابَ +	کوئی شخص دروازہ کھٹ کھٹا رہا ہے +
	اُنْظُرْ مَنْ هُوَ؟	دیکھو تو وہ کون ہے +

(نوکر) مَنْ اَنْتَ ؟	تم کون ہو؟
(ملاقاتی) هَلْ حَضْرَةُ سَعِيْدِ الْاَفَنْدِى فِى الْمَنْزِلِ ؟	کیا میاں سعید گھر میں ہیں ؟
(ن) نَعَمْ هُوَ فِى مَكْتَبَتِهٖ +	جی ہاں وہ اپنے دفتر میں ہیں ؟
(م) مِنْ فَضْلِكَ خَبِّرْهُ بِقُدُوْمِى +	مہربانی سے میرے آنیکی خبر انھیں دے دو +
(ن) اَتَسْمَحُ لِى اَنْ اَسْاَلَكَ مَا هُوَ اِسْمُ الْجَنَابِ +	کیا آپ مجھے اجازت دینگے کہ میں آپ کا نام پوچھوں ؟
(م) اِسْمِى اِبْرَاهِيْمُ وَاُرِيْدُ اَنْ اَزُوْرَ سَيِّدَكُمْ +	میرا نام ابراہیم ہے آپکے آقا سے ملاقات کرنا چاہتا ہوں +
(ن) يَا سَيِّدِى جَاءَ اِبْرَاهِيْمُ اَفَنْدِى لِمُلَاقَاتِكُمْ +	حضور! میاں صاحب ابراہیم آپ کی ملاقات کو آئے ہیں +
(آقا) تَرَجَّاهُ اَنْ يَدْخُلَ +	اُن سے کہو کہ تشریف لائیں +
(م) اَنَا خَادِمُ اَحْمَدَ اَفَنْدِى وَ اَتَيْتُ بِمَكْتُوْبِهٖ +	میں احمد صاحب کا نوکر ہوں اور ان کا خط لیکر آیا ہوں +
(ن) جَاءَ الْخَادِمُ بِمَكْتُوْبِ اَحْمَدَ اَفَنْدِى وَيَطْلُبُ الْجَوَابَ +	حضور! احمد صاحب کا نوکر خط لے کر آیا ہے اور جواب مانگتا ہے +
قُلْ لَهٗ يَجْلِسِ الْبَرَّ +	اس کو کہو باہر بیٹھے +
(آقا) قُلْ لَهٗ يَجِئْ فِى السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ وَيَاْخُذِ الْجَوَابَ ، قُلْ لَهٗ يُسَلِّمُ عَلٰى سَيِّدِهٖ وَنَحْنُ نُرْسِلُ بِالْجَوَابِ صَبَاحَ الْغَدِ +	اس سے کہو کہ پانچ بجے آئے اور جواب لے جائے + اسے کہو کہ اپنے آقا کو ہمارا اسلام کہے ؛ اور ہم کل صبح جواب بھیجدینگے +

سبق نمبر ۴۹

بیمار پرسی میں

مفردات :- اِصَابَةٌ (مصیبت پہنچنا) ، تَامِيْلٌ (امید کرنا) ، عَافِيَةٌ (تندرستی) العاطی

(لینا) اعتنا (تکلیف اٹھانا) +

(ملاقاتی) کَیفَ اَنتُم ؟	آپ کا مزاج کیسا ہے ؟
(صاحب خانہ) الحمدُ لِلّٰہِ اِنّی فی غایۃ الاعتدال +	الحمد للہ میں بالکل تندرست ہوں +
(م) کَیفَ صِحّۃُ اَبیکُم +	آپ کے والد کی طبیعت کیسی ہے +
(ص) ھُوَ مَرِیضٌ مُنذُ خَمسَۃِ اَیّام +	وہ پانچ دن سے بیمار ہیں +
(م) مَاذَا اَصَابَہٗ + ؟	انکو کیا شکایت ہے +
(ص) اَصَابَتہُ الحُمّیٰ +	انکو تپ کی شکایت ہے +
(م) اللّٰہُ یَشفِیہِ +	خدا تعالیٰ ان کو شفا بخشے +
(م) مَا حَالُ اُختِکُم ؟	آپ کی بہن کا کیا حال ہے +
(ص) صِحّتُہا لَیسَت جَیِّدَۃً +	اس کی صحت اچھی نہیں ہے +
(م) اُؤمِّلُ اَنّہا تَتَعافیٰ عَن قَرِیب +	میں امید کرتا ہوں کہ وہ جلد تندرست ہو جائیگی +
(م) مَا حَالُ جَدَّتِکُم +	تمہاری دادی کا کیا حال ہے +
(ص) مَعَہَا دَاءُ السِّل +	ان کو سل کا مرض ہے +
(م) لا سَمَحَ اللّٰہُ +	خدا نہ کرے +
(م) مَن یُعَالِجُہا ؟	ان کا علاج کون کرتا ہے ؟
(ص) اَحَدُ اَطِبّاءِ الہِند +	ایک ہندوستانی طبیب ہے +
(م) مَن یَعتَنِی بِہَا ؟	اسکی تیمار داری کون کرتا ہے ؟
(ص) لا تَتَعاطیٰ الدَّوَاءَ لِاَنَّہَا یَئِسَت مِنَ الصِّحَّۃِ +	وہ صحت سے نا امید ہو گئی ہے اس لئے دوا نہیں کھاتی ۔

سبق نمبر ۵

میزبان اور مہمان کی گفتگو

مفردات: مائدۃٌ (دسترخوان) شبعانُ (سیر) فُوطَۃٌ (تولیہ) دُخانٌ (دھواں) شَبشَۃٌ (حقہ) فِنجانٌ (پیالی) سُکَّرٌ (شکر) صَحنٌ (رکابی)

۵۱ وہ میز جس پر کھانا رکھکر کھایا جاتا ہے ۵۲ لفظی معنی ہیں خدا تمہاری بھلائی زیادہ کرے +

عربی	اردو
(می) ضع المائدة یا احمد!	احمد دستر خوان بچھاؤ +
(می) تفضل یا حضرة الأفندی نتعشّی مرة +	جناب! تشریف لائیے۔ ملکر کھائیں +
(مہ) سبقتك +	میں آپ سے پہلے کھا چکا ہوں +
(می) بالعافیة	نوش جان فرمائیے۔
(مہ) لیس لی اشتہاء ولا تشتہی نفسی +	مجھے بھوک نہیں (میرا جی نہیں چاہتا) ....
(می) کُل قلیلاً یا سیّدی +	جناب تھوڑا تو کھائیے +
(مہ) بحیاتك انا شبعانُ +	آپ کی قسم میں سیر ہوں +
(می) إن اکلت لقمةً او لقمتین لا تضرك +	اگر آپ ایک دو نوالے کھائیں تو کچھ تکلیف نہ ہوگی +
(مہ) الأمر إلیك +	آپ کا ارشاد ٹھیک ہے +
(می) کن بلا تکلف کانّك فی بیتك +	تکلف نہ کیجیے آپ کا گھر ہے +
(می) خذ الفوطة وضعها امامك +	تولیہ لیجیے اور اپنے آگے رکھ لیجیے +
(مہ) کثر الله خیرکم +	خدا آپ کا بھلا کرے +
(می) یا حضرة الأفندی اتدخن السیجارة ام تشرب الشیشة	کیوں جناب! آپ سگریٹ پئیں گے۔ یا حقہ ملاحظہ کرینگے +
(مہ) انا لست متعوداً بهذه الأشیاء	میں ان چیزوں کا عادی نہیں ہوں +
(می) احمد هات فنجان الشای لحضرة الأفندی +	احمد! آپ کے واسطے چائے کی پیالی لاؤ +
وضع عنده سکراً فی صحن علی حدة +	اور شکر ایک علیحدہ رکابی میں رکھو +

سبق نمبر ۵۱

خرید وفروخت

مفردات:- قُمَاشٌ (متاع) غَالٍ (گراں) رخیصٌ (ارزاں) سِعْرٌ (نرخ) إسْقَاطٌ (کمی) طَافةٌ (تھان) یرد (گز) فَرَنْك (۹، کا سکہ) بَذْلَةٌ (سوٹ) دزنیةٌ (درجن) صِینٌ (چین) تَسَاهُلٌ (نرمی برتنا) +

عربی	اردو
(خریدار) کَمْ تطلُبُ لهذا القُماش +	اس مال کی کیا قیمت ہوگی ؟
(دکاندار) خَمْسَةَ عَشَرَ قرشًا +	پندرہ قرش +
(خ) هَذَا غالٍ جدًّا و أنَا اُرِیدُ رخیصًا	یہ بہت گراں ہے اور میں ارزاں چاہتا ہوں.
(د) لَا سَیّدی هذا الثمن معتدِلٌ واسعار محلّی محدود	نہیں صاحب! یہ قیمت بہت درست ہے۔ میری دکان کی قیمتیں مقرر ہیں +
(خ) أتساهَلُ معی فی هذا الثمن؟	کیا آپ مجھے اس قیمت میں رعایت کر سکتے ہیں +
(د) نعم اَتَسَاهَلُ مَعَكَ بِاَسْقاطِ خَمْسَة بالمأة اذا اشتریت الطاقة کُلّها +	ہاں اگر آپ پورا تھان لیں تو پانچ فیصدی کمی کر سکتا ہوں + ...
(خ) اقطع اذا عشرین علی حساب ثمانیة فرنکات فی کل یَرد +	اس صورت میں بیس گز بحساب فی گز ۸ فرنک کے کاٹ دیجئے +
(خ) کم یَردًا یلزمُ لعمل بذلة کاملة	ایک پوری پوشاک کے لئے کتنے گز درکار ہونگے؟
(خ) اَعْطِنی مَا یکفی لعمل دزِینَة قُمصَانٍ +	ایک درجن قمیصوں کے واسطے جسقدر کپڑا درکار ہو دیدیجئے +
(خ) هَل عِندَکُم مِنَ الحریرِ الصّینی.	کیا آپ کے پاس چین کا ریشمی کپڑا ہے۔
(د) وَرَدَلِی مُوخرًا صُنْدُوقٌ مملو من برنیطاتٍ مُخْمَلِیّةٍ +	میرے پاس پچھلے دنوں مخملی انگریزی ٹوپیوں کا صندوق آیا ہے +
(خ) لَمْ یعجبنی هذا ارنی خلافَہٗ +	مجھے یہ پسند نہیں کوئی اور دکھایئے۔

سبق نمبر ۵۲

ڈاکخانہ کے متعلق

مفردات:- بُوسَتَۃٌ (ڈاک خانہ)، بُوسَتَۃٌ عُمومِیَّۃٌ (صدر ڈاکخانہ)، فرع (برانچ) تَسجِیلٌ (رجسٹری کرنا)، طَردٌ (پیکٹ)، مشمّعٌ (پارسل)، طابعٌ (ٹکٹ)، سَالُونٌ (برآمدہ)، بَرَائِدُ (ڈاک)، مکتوبٌ (خط)، وَصلٌ (رسید)، ملصقۃٌ (پلندہ)، صندوق (لیٹر بکس)+

(س) اَینَ اَلبُوسَتَۃُ العُمُومِیَّۃُ
صدر ڈاکخانہ کہاں ہے؟

(ج) اَلبُوسَتَۃُ العمومیَّۃ فی قرب دار التحف +
صدر ڈاکخانہ عجائب گھر کے پاس ہے +

(س) مَتیٰ تفتح البُوسَتَۃُ؟
ڈاک خانہ کب کھلتا ہے؟

(ج) تُفتَحُ البوستۃُ والفُرُوعُ مِنَ السَّاعَۃِ السِّتَّۃِ صباحًا الیٰ احدیٰ عشرۃ +
ڈاکخانہ اور برانچیں چھ بجے صبح سے گیارہ بجے تک کھلتی ہیں +

. . . .

(س) هَل تقبلُ الفُرُوعُ تسجیلَ المکاتیبِ والطّرود و المشمّعات +
کیا برانچ ڈاکخانہ میں خطوط پیکٹ اور پارسل رجسٹری ہو سکتے ہیں؟

. . . .

(ج) نَعَم کُلّ مَا تقبلُہُ البوستۃ العُمومیّۃ تَقبلُہُ الفروع +
جو کام صدر ڈاک خانہ میں ہوتا ہے وہ برانچ ڈاکخانہ میں بھی ہوتا ہے +

(س) مِن این توخذ الطوابعُ؟
ٹکٹ کہاں سے ملتے ہیں؟

(ج) مِنَ الرَّجُلِ الجالس فی السالون +
اس شخص سے جو برآمدہ میں بیٹھا ہوا ہے +

(س) هَل جاءَ البرید فی البوستۃ +
کیا ڈاک آگئی ہے؟

(ج) اَتَی البَرِیدُ ولکن لم یُوخذ فِی التوزیع بعد +
ڈاک تو آگئی ہے مگر ابھی بٹنی شروع نہیں ہوئی +

(س) کم مَرّۃ توزع المکاتیب هنا.
یہاں ڈاک کتنی مرتبہ تقسیم ہوتی ہے؟

Arabic	Urdu
(ج) مرتين +	دو دفعہ +
سَجِّلْ هٰذَا المكتوب وهات الوصل +	اس خط کی رجسٹری کرا کر رسید لے آؤ +
خُذْ هٰذه المُفْتَرَة اِلَى فِي الصندُوق۔	اس بلندہ کو لیٹر بکس میں ڈالدو +

سبق نمبر ۵۳

درزی سے گفتگو

مفردات:۔ قیاسٌ (ناپ) کَسَمٌ (وضع) صدیریٌ (واسکٹ) بَنطلونَ (پتلون) کزمیر (کشمیرا) ثخینٌ (موٹا) تفصیلٌ (قطع) سِترةٌ (کوٹ) +

Arabic	Urdu
أحوذ سترةً +	مجھے ایک کوٹ درکار ہے +
إنی طلبتك لتاخذ قیاسی و تعمل لی سترةً۔	میں نے تمہیں بلا بھیجا تھا کہ میرا ناپ لے لو۔ اور میرے لئے ایک کوٹ تیار کرو۔
أی کسم تریدُ ها؟	آپ کس وضع کا کوٹ چاہتے ہیں +
أُرید سترة کالذی الاخیر المستعمل الآن	میں ایسا کوٹ چاہتا ہوں جو آجکل مروج ہے۔
هَل تُرِیدُ صدیریًا و بنطلون ایضًا؟	کیا آپ کو واسکٹ اور پتلون بھی درکار ہے۔
لِانَّ عندی جوخ یکفی بذلة کاملة؟	کیونکہ میرے پاس ایک سوٹ کے واسطے کافی بانات موجود ہے۔
. . . .	
هَل تُرِیدُ البنطلونَ واسعًا او ضیقًا؟	آپ ڈھیلی پتلون چاہتے ہیں یا چست +
اُرِیدُ ضیقًا قلیلًا لکن من تحت یکون واسعًا	میں ذرا چست چاہتا ہوں مگر نیچے سے ڈھیلی ہو۔
هَل ترید حریرًا او کزمیرًا؟	آپ ریشم کی چاہتے ہیں یا کشمیرے کی؟
اُرِیدُ من الکزمیر الخفیف ان کان یوجد عندك لا تواخذنی لان الکزمیر الثخین یمکث کثیرًا +	میں پتلے کشمیرے کی چاہتا ہوں اگر آپ کے پاس ہو آپ مجھے معاف فرمائینگے دبیز کشمیرا زیادہ دیر چلتا ہے +
تکونُ عارفًا بانی احوذ جمیعًا یوم السبت +	تمہیں معلوم رہنا چاہئے کہ مجھے یہ سب چیزیں سنیچر کے دن مطلوب ہیں +

تكون عندك يوم السبت صباحا +	سب چیزیں ہفتہ کی صبح آپ کے پاس پہنچ جائیں گی +
يا سيدی قد احضرت جميعا +	جناب! میں سب چیزیں لے آیا ہوں +
ادنی الستره اولا انظر قياسا علی تفضل البس +	پہلے مجھے کوٹ دکھاؤ تاکہ اپنے بدن پر ناپ کر دیکھوں + مہربانی سے پہن کر دیکھو +
انها قياسك تماما علی قدك تمام +	یہ آپ کے بدن پر بالکل ٹھیک ہے +

سبق نمبر ۵۴

دھوبی سے گفتگو

مفردات :- غسّال (دھوبی) غطاء السفرة (میز پوش) كشف (فرد یادداشت) مضبوط (ٹھیک)

هل انت غسّال هذا البيت ؟ +	کیا اس گھر کے دھوبی تم ہو؟
نعم انا +	جی ہاں میں ہوں +
عندی ثياب اريد منك تغسيلها +	میرے پاس کچھ کپڑے ہیں جن کو میں تم سے دھلوانا چاہتا ہوں +
احترس فی غسل غطاء السفرة هذه لئلا ينسل +	اس میز پوش کے دھونے میں دھیان رکھو کہ کھچ نہ جائے +
أعطنی كشف بيان الغسيل +	مجھے کپڑے کی فرد دیجیے +
انظر اذا كان العدد مضبوطا ؟	دیکھو تو یہ گنتی میں ٹھیک ہیں؟
ينقص منديل الحرير +	ایک ریشمی رومال کم ہے۔
ها هو هناك علی الكرسی +	اے لو! وہاں کرسی پر رکھا ہے +
يلزم ان تجیء بهذا الكشف معك لما تعود بالغسيل +	جب یہ کپڑے لاؤ تو یہ فرد بھی ہمراہ لانا +
متی تحضر الغسيل +	تم دھلے ہوئے کپڑے کب لاؤ گے؟
الاسبوع القابل ؟	ہفتہ آئندہ میں +
انی اعوذها بعد ثلثة ايام +	مجھے تین دن کے بعد درکار ہیں +

سَأبذِلُ كُلَّ جهدِي +
میں پوری کوشش کرونگا +

لاتتأخرو إلّا فلايكونُ عندِي ثيابٌ لطيفةٌ +
دیر نہ کرنا ورنہ میرے پاس کوئی صاف کپڑا نہ ہوگا +

لكن مستريحُ الفِكرِ ساحضرُها في مُدَّةٍ قريبةٍ +
آپ بے فکر رہیں میں بہت جلد لاؤنگا +

هَلْ احضرتَ غسيلي؟
کیا تم کپڑے لے آئے ہو؟

نعم يا سيّدي تفضّل خُذِ الكشف +
ہاں جناب لے آیا ہوں۔ فرد لیجئے +

فلننظر اذا كانَ العددُ مضبوطًا +
ہمیں دیکھنا چاہئے کہ سب ٹھیک ہیں +

سبق نمبر ۵۵

مکان کے متعلق گفتگو

مفردات :- مُوبليَاتٌ (سامان آرائش) ، اِيجار (کرایہ پر دینا) ، اُجْرَةٌ (کرایہ)

هَلْ يُوجدُ عندكَ محلّ للايجار؟
کیا آپ کے پاس کرایہ کا کوئی مکان ہے +

بَلغنِي انّهُ يوجدُ عندكَ بَيتٌ خلي للايجار +
مجھے معلوم ہوا کہ آپ کے پاس کرایہ کو ایک مکان خالی ہے +

نعم يوجدُ و لكنْ انتَ تريدُ محلًّا في الطبقة الاولى اوِ الثانيةِ؟
جی ہاں! ایک مکان خالی ہے مگر تم پہلی منزل میں جگہ چاہتے ہو یا دوسری میں؟

هَلْ تُريدُ مِنْ غيرِ موبليات؟
کیا آپ بے آرائش مکان چاہتے ہیں؟

لا بل اريدُهُ مفروشًا +
نہیں بلکہ فرش کیا ہوا چاہتا ہوں +

هذا المحلُّ كبيرٌ و انّي اريدُ محلًّا يكونُ فيهِ اوضتا فرشٍ و مطبخ
یہ مکان بڑا ہے اور میں ایسا چاہتا ہوں جس میں دو کمرے سونے کے اور ایک باورچیخانہ ہو +

عِندِي محلٌّ بهذا الوصفِ ولكنّهُ في الطّبقةِ الثانيةِ +
میرے پاس اس قسم کا مکان ہے مگر دوسری منزل میں +

هَلْ تسمَعُ لي بانْ انظرَهُ +
کیا آپ اجازت دینگے کہ میں اسے دیکھ لوں؟

هَل يوجدُ اوضٌ اخرى بالتبعةِ لهذا المحلِّ
کیا اس مکان کے متعلق اور کمرے بھی ہیں؟

كم الاجرة؟

اس کا کرایہ کیا ہے؟

هَلْ تريدُ اَنْ تاخذ مُدّة سَنَةٍ اوشهرٍ واحدٍ +

کیا آپ اسکو سال بھر کے لئے لینگے یا ایک ماہ کے لئے +

يُمكن اِنّي امكث هٰهنا ستّة ولكنّي لَا اُريدُ اَنْ اكُونَ مربوطا لاكثر مِنْ شهرٍ واحدٍ +

ممکن ہے کہ میں اسجگہ برس دن رہوں مگر میں نہیں چاہتا کہ ایک مہینہ سے زیادہ کا پابند رہوں +

اِنّي اُرِيدُ اُعطيه لكَ بمائةٍ وخمسين فرنكٍ في الشهر +

میں آپ کو ایک سو پچاس فرنک ماہواری پر دے سکتا ہوں۔

اذا كُنْتَ تاخذهُ مُدّة ثلثة اشهرٍ اُقدِرُ اُعطيكَ باقلّ مِنْ هذا +

اگر آپ تین ماہ کے لئے لیں تو اس سے کم پر بھی دے سکتا ہوں +

سبق نمبر ۵۶

نائی سے گفتگو

مفردات:- مُوس (استرہ)، شارِبٌ (مونچھ)، مِرْاٰةٌ (آئینہ) دُهْنٌ (تیل) +

اَنْتَ تاخرتَ كثيرًا ـــ اليومَ +

تم نے آج دیر کردی +

اَرجوكَ السّماحَ مَا اَمكنني اَنْ اَجي قبلَ الأنَ +

معاف کیجئے میں اس سے پہلے نہیں آسکتا تھا +

قيّش الموس +

استرہ کو چیوٹہ پر لگاؤ +

اِنّي سنّيتُ امواسي على الحجرِ قبلَ اَنْ اَجئ +

میں نے آنے سے پہلے پتھر پر اپنے استرے تیز کر لئے تھے +

اٰه. ماذا عملتَ؟ اَنتَ جرحتني +

اف! تم نے کیا کیا! مجھے تو زخمی کر ڈالا +

هَلْ تريدُ اَنْ اقصّ شاربيكَ قليلًا +

تم چاہتے ہو کہ تمہاری مونچھیں ذرا کاٹ دیں۔

. . . .

لَا اُرِيدُ +

میں نہیں چاہتا +

قصّر شعري قليلًا +

میرے بال ذرا چھوٹے کردو +

عربی	اردو
هَل تريدُه قصيرًا مِن خَلفٍ ؟	کیا تم پیچھے سے چھوٹے کرانا چاہتے ہو؟
نَعَم ولكن مِن قدّامٍ يكونُ طويلاً قليلاً +	ہاں! مگر آگے سے ذرا لمبے رہیں +
تفضّل النظرَ في المِرآةِ +	مہربانی سے آئینہ دیکھیے +
هَل هذه القصّةُ موافِقةٌ ؟	کیا یہ بال درست کٹے ہیں؟
هَل تُعجِبُك قصّةُ الشعرِ هذه ؟	کیا ان بالوں کی کٹائی آپ کو پسند ہے؟
تعجبُني أكثر إذا كنتَ تقصّرُ الشعرَ قليلاً أيضًا على الصُّدغين +	مجھے زیادہ پسند ہوتا اگر دونوں کنپٹیوں پر سے بھی ذرا بال چھوٹے کئے جاتے +
هذا يكفي +	یہ کافی ہے +
هَل تريدُ ان أدهنَ شعرَك بقليلٍ مِنَ الزيتِ +	آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بالوں میں تھوڑا سا تیل ڈالوں +
نَعَم +	جی ہاں!

سبق نمبر ۵۷

سفر ریل کے متعلق

مفردات:- قطارٌ (ٹرین)، قطارُ الرّكّاب (مسافرگاڑی)، اكسبريس (ڈاک گاڑی)، عربجيٌّ (گاڑی بان)، تذكرةٌ (ٹکٹ)، محلُّ الاستراحةِ (مسافرخانہ)، أجرةٌ (کرایہ)، وابور (انجن)، كمسادي (ٹکٹ کلکٹر)، عفشٌ (اسباب) +

عربی	اردو
في أيّ وقتٍ يقومُ القطارُ الأوّلُ إلى اسكندريّةَ ؟	سکندریہ کو پہلی ٹرین کب جائیگی؟
قطارُ الرّكّاب يقومُ في الساعةِ الثامنةِ صباحًا واكسبريس ساعة ثمانيةٍ ونصف۔	مسافر گاڑی فجر کے آٹھ بجے اور ڈاک گاڑی ساڑھے آٹھ بجے روانہ ہوتی ہے +
نزّل عفشَنا وادعُ عربجيًّا يأخذُنا إلى المحطّةِ +	ہمارا اسباب اتارو اور گاڑیبان کو بلاؤ کہ ہمیں اسٹیشن تک لے چلے +
أينَ توزنُ العفشُ ؟	اسباب کہاں تلتا ہے؟

عربی	اردو
این توخذ التذاکر؟	ٹکٹ کہاں ملتے ہیں؟
نجلس فی محل الاستراحة حتی یجیئ القطار +	گاڑی کے آنے تک ہم مسافرخانہ میں بیٹھیں گے +
کم اجرة الدرجة الثانیة إلی اسکندریة؟	دوسرے درجہ کا کرایہ اسکندریہ تک کیا ہوگا؟
اعطنی تذکرة درجة ثالثة +	مجھے تیسرے درجہ کا ٹکٹ دیجیے۔
هل یدفع علی الاطفال اجرة کاملة	کیا بچوں کا پورا کرایہ دیا جاتا ہے؟
لا یدفع علیهم شیٔ اذا کانوا دون اربع سنوات +	اگر چار برس سے کم ہوں تو کچھ کرایہ نہیں دیا جاتا +
الجرس یضرب +	گھنٹی بج رہی ہے +
الوابور یصفر للقیام +	انجن ٹھہرنے کیلئے سیٹی بجا رہا ہے +
جاء الکمساری وینظر تذکرة الرکاب +	ٹکٹ کلکٹر آ گیا اور سب کی ٹکٹیں دیکھ رہا ہے۔

سبق نمبر ۵۸

چنگی خانہ کے متعلق

مفردات:- شنطة (بیگ) شرابات (جرابیں) رسوم (محصول) البسابورت (پاسپورٹ)

عربی	اردو
هل یوجد معك شیٔ من الاشیاء غیر مصرح بدخولها +	کیا آپ کے پاس کوئی ایسی چیز ہے جس کے لانے کی اجازت نہ ہو؟
لا یوجد معنا سوی ما یلزمنا +	ہمارے پاس ہماری ضروریات کے سوا کوئی چیز نہیں۔
افتح هذا الصندوق اولا	پہلے یہ صندوق کھولو +
ها هو المفتاح افتحه انت بنفسك +	یہ چابی موجود ہے اسکو خود کھولئے +
لا بد من تفتیش عفشك بحضورك +	آپ کے اسباب کی پڑتال آپکی موجودگی میں ہونی چاہیے +
ماذا یوجد فی هذه الشنطة +	اس بیگ میں کیا ہے؟
لا یوجد فیها شیٔ سوی الدوات +	اس میں دوات کے سوا کوئی چیز نہیں +

افتحها من فضلك +

هٰذِهٖ شرابات الحرير الجديدة +

لَا بُدَّ مِنْ دَفعِ الرُّسُوم عَلَيهَا +

اِنِّیْ اشتریتها لزوجتی +

اَلبَسَابورت الذی بیدی یدل علیٰ انی لست تاجرًا +

هٰذه الصنف ممنوع دخوله وانی ملزوم بحجزه +

قُل لی ما الذی ادفعه +

یلزم انك تقدم کشفا یظهر قیمة کل من هذه الاصناف +

مہربانی سے اسے کھولو +

یہ ریشم کی نئی جرابیں ہیں +

ان کا محصول ادا کرنا ضروری ہے +

میں نے یہ اپنی بیوی کے واسطے خریدی ہیں +

جو پاسپورٹ میرے پاس ہے اس سے ظاہر ہے کہ میں سوداگر نہیں ہوں +

ایسی چیز لانے کی اجازت نہیں اور میں اس کے روکنے کا ذمہ وار ہوں +

فرمائیے اس کا کیا محصول ہے +

آپکو مناسب ہے کہ بیجک پیش کریں جس سے ہر ایک چیز کی قیمت معلوم ہو +

سبق نمبر ۵۹

متفرق

کان راهبٌ یتعبّد فی صومعة +

تنبّأ رجلٌ فی زمن المامون +

. . . .

انتصر جنودنا فی الحرب الاخیرة +

من الشعوب من یبنون بیوتهم من الخشب واللبن +

عندی خبز یکفی مونة یومی +

من یضمن لنفسه انه یعیش الی الغد +

اتخذت ورقة جواز (البسبورت)

ایک راہب حجرے میں عبادت کرتا تھا +

ایک شخص نے مامون رشید کے زمانہ میں نبوت کا دعوی کیا تھا +

ہماری فوج آخری لڑائی میں فتحیاب ہوئی +

بعض قومیں لکڑی اور کچی اینٹ سے اپنے گھر بناتی ہیں +

میرے پاس ایک روٹی ہے جو آج کے گزارے کو کافی ہے ۔

کون شخص کل تک اپنے زندہ رہنے کا ضامن ہے +

میں نے راہداری (پاسپورٹ) کا پروانہ

عربی	اردو
وجئتُ إلى المرفأ +	لیا اور بندرگاہ پر آیا +
لم يبلغ اخي الخبرُ مع إنّه انتشر في كل البلدِ +	میرے بھائی کو خبر نہیں ہوئی حالانکہ سارے شہر میں پھیل چکی ہے +
لم تزل سماء انكلترا متلبدة بالغيوم +	انگلستان کا آسمان اب تک بادلوں سے گھرا ہوا ہے +
عرب البادية تسكن الخيام +	بدو خیموں میں رہتے ہیں +
هاج البحر وعلت امواجه كالجبال +	سمندر جوش میں آیا اور اسکی لہریں پہاڑ کی طرح بلند ہو گئیں +
كثيراً ما نرى البرق ولا نسمع الرّعد +	اکثر اوقات چمک دکھائی دیتی ہے اور گرج سنائی نہیں دیتی۔
فاض النهر وغرّق المواشي +	دریا چڑھا اور چوپایوں کو ڈبو دیا +
كان الاقدمون يحسبون الارض ثابتةً لا تدور +	متقدمین زمین کو ساکن غیر متحرک سمجھتے تھے +
لا يعرف قيمة الصحة الا المريض +	تندرستی کی قدر مریضوں کے سوا کوئی نہیں جانتا
اذا تخاصم اللصّان ظهر المسروق +	جب دو چور جھگڑتے ہیں تو چرائے ہوئے مال کا پتہ لگ جاتا ہے +
بالسّاعدين تبطش الكفان +	ہتھیلیاں کلائیوں کی مدد سے گرفت کرتی ہیں +
تجري الرّياح بما لا تشتهي السّفن +	وہ ہوائیں چلتی ہیں جو کشتیوں کو مطلوب نہیں +

سبق نمبر ۶

متفرق

عربی	اردو
حاصر طيطسُ مدينةَ اورشليم وافتتحها +	طیطوس نے بیت المقدس کا محاصرہ کیا اور اسے فتح کر لیا +
لمّا رجعَ القائدُ ظافراً بادر الجماهيرُ لاستقبالهِ +	جب سپہ سالار فتحیاب ہو کر واپس لایا تو لوگ اس کے استقبال کو نکلے +

جاءَ الرّامی وَاوتر قوسہ وفوق سَھمَہ فاصابَ المرمیٰ +

ھجم العدو علی الاسوار ودخل المدینۃ عنوۃ +

بذلنا المجھود فی اعانۃ جرحی الحرب +

لمّا شاھدَ اخاہ ذرف دموعہ +

الشریر ینال جزاءہ عاجلاً او آجلاً +

ارسل اولادہ الی مصر لیبتاعوا قمحاً +

ساءنا ما بلغنا من موت الصدیق +

کلّ عام تکتسی الاشجار بالورق +

قبض اللص واودع السجن +

قبح اللہ الخادم الذی یخون سیّدہ

عصفت الریح وقلعت الاشجار +

تارۃ ینطق الاخرس ویسمع الاصم +

لا تؤخر عمل الیوم لغد +

لا تسخر بکوسج قبل ان تلتحی +

من راس الیتیم یتعلم الحجام +

من نافس الاخوان قلّ صدیقہ +

تیر انداز آیا اور کمان چڑھائی اور چلہ کھینچا اور تیر نشانے پر لگایا +

دشمن نے شہر پناہ پر حملہ کیا اور شہر میں بزور گھسا +

ہم نے فوج کے زخمیوں کی مدد کی کوشش کی -

جب اس نے اپنے بھائی کو دیکھا تو اسکے آنسو نکلے +

شریر اپنے کئے کی سزا پائیگا خواہ جلد ہو خواہ دیر سے +

اسنے اپنے بیٹوں کو گیہوں خریدنے کیواسطے بھیجا +

ہم کو اپنے دوست کی خبر مرگ سے رنج پہنچا +

درخت ہر سال پتوں کا لباس پہنتے ہیں +

چور پکڑا گیا اور قید خانے میں سپرد کیا گیا +

خدا اس نوکر کا برا کرے جو اپنے آقا کی خیانت کرے +

ہوا تند چلی اور درخت اکھیڑ دیئے +

کبھی گونگا بولتا ہے اور بہرا سنتا ہے +

آج کا کام کل پر نہ چھوڑو +

اپنی داڑھی نکلنے سے پہلے کھوسے پر ٹھٹھا نہ کرو۔

نائی یتیم کے سر سے سیکھتا ہے +

جو شخص بھائیوں سے بڑھنا چاہتا ہے اسکے دوست کم ہو جاتے ہیں +

سبق نمبر ٦١

رنگ

عندہ ذھبٌ احمر +

ما رایتُ قمیصکم الاسود +

اس کے پاس سرخ سونا ہے +

میں نے تمہارا سیاہ کرتا نہیں دیکھا +

اَحْسَنُ الالوانِ کلّہا ابیض +	سب رنگوں سے سفید رنگ اچھا ہے +
ایتِ بعمامتنا الاخضر +	ہماری سبز پگڑی لاؤ +
هٰذِهِ الاوانی مِنَ النحاسِ الاصفر +	یہ برتن پیتل کے بنے ہوئے ہیں +
کلّمتنی امرأۃٌ شابّۃٌ سوداءُ +	مجھ سے ایک کالی جوان عورت نے بات کی.
کسّرتُ جرّۃَ مُدامۃٍ حمراءَ +	میں نے سرخ شراب کا گھڑا توڑ دیا +
کانتْ تلکَ الصبیۃُ بیضاءُ +	وہ لڑکی گورے رنگ کی تھی +
النظر الی الخضراء ینفع العیُونَ +	سبزی کیطرف دیکھنا آنکھوں کیواسطے مفید ہے +
ابیضّتْ عیناہُ من الحزن +	اسکی آنکھیں غم سے سفید ہوگئیں +
اِصفرّ لونُہ لما رأی المحتسب +	جب اس نے محتسب کو دیکھا تو اس کا رنگ زرد ہوگیا.
ثیابُ الیمَن تکون مخططا +	یمن کے کپڑے دھاریدار ہوتے ہیں +
